Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14 | جمعرات، 27 اپریل، 2023ء، 06 شوال المکرم 1444ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 17

پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ 'آئی ایس پی آر' کے مطابق آرمی چیف کو پیپلز لبریشن آرمی 'پی ایل اے' ہیڈ کوارٹرز میں گارڈ آف آنر پیش کیا گیا

آرمی چیف کا دورہ چین باہمی سلامتی کے امور اور فوجی تعاون پر تبادلہ خیال

پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق دونوں فوجی کمانڈروں نے خطے میں امن واستحکام کو برقرار رکھنے اور فوجی تعاون بڑھانے کی ضرورت کا اعادہ کیا

جنرل عاصم منیر نے چاق وچوبند دستے کا معائنہ کیا جس کے بعد پی ایل اے کے کمانڈر کے ساتھ تفصیلی ملاقات ہوئی، ملاقات میں باہمی سلامتی کے امور اور فوجی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا

بیجنگ، راولپنڈی (خصوصی خبر نگار) آرمی چیف جنرل عاصم منیر چار روزہ سرکاری دورے پر چین پہنچ گئے ہیں جہاں پہلے روز آرمی چیف کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ 'آئی ایس پی آر' کے مطابق آرمی چیف کو پیپلز لبریشن آرمی 'پی ایل اے، ہیڈ کوارٹرز میں گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ جنرل عاصم منیر نے چاق وچوبند دستے کا معائنہ کیا جس کے بعد پی ایل اے کے کمانڈر کے ساتھ تفصیلی ملاقات ہوئی، ملاقات میں باہمی سلامتی کے امور اور فوجی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق دونوں فوجی کمانڈروں نے خطے میں امن واستحکام کو برقرار رکھنے اور فوجی تعاون بڑھانے کی ضرورت کا اعادہ کیا، آرمی چیف نے پی ایل اے کے دستوں کی آپریشنل صلاحیتوں کا مظاہرہ بھی دیکھا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف نے تربیت کے اعلیٰ معیار اور فوجیوں کی طرف سے دکھائی گئی پیشہ ورانہ مہارت کی تعریف کی، جنرل عاصم منیر دونوں افواج کے درمیان دیرینہ تعلقات کو بڑھانے کے لیے چین میں فوجی رہنماں سے مزید ملاقاتیں کریں گے، یہ ملاقاتیں آرمی چیف کے چین کے چار روزہ دورے کا حصہ ہیں۔ آرمی چیف نے پی ایل اے کے دستوں کی آپریشنل صلاحیتوں کا مظاہرہ بھی دیکھا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف نے تربیت کے اعلیٰ معیار اور فوجیوں کی طرف سے دکھائی گئی پیشہ ورانہ مہارت کی تعریف (بقیہ نمبر 1)

چیف جسٹس عمر عطا بندیال کا بینچ ڈی لسٹ کر دیا گیا

چیف جسٹس کا بینچ خرابی صحت کے باعث ڈی لسٹ ہوا، چیف جسٹس بخار، جسم درد اور فلو کا شکار ہیں، ذرائع

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) چیف جسٹس آف پاکستان عمر عطا بندیال کا بینچ ڈی لسٹ کر دیا گیا۔ چیف جسٹس پاکستان کے بینچ میں جسٹس جمال مندوخیل اور جسٹس اطہر من اللہ شامل تھے۔ بینچ کے سامنے سماعت کے لیے مقرر تمام مقدمات بھی ڈی لسٹ کر دیئے گئے (بقیہ نمبر 4)

عمران خان ہر چیز کا الزام جنرل باجوہ کے سر تھوپتے ہیں، مریم اورنگزیب

وہ جواب دیں کہ کیا صرف ہیلی کاپٹر کی سیر کیلئے وزارت عظمیٰ کی کرسی پر بیٹھے ہوئے تھے؟

اسلام آباد (خصوصی نامہ نگار) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ عمران خان ہر چیز کا الزام جنرل باجوہ کے سر تھوپتے ہیں، وہ جواب دیں کہ کیا وہ صرف ہیلی کاپٹر کی سیر کیلئے وزارت عظمیٰ کی کرسی پر بیٹھے ہوئے تھے؟ بدھ کو اپنے ٹویٹ (بقیہ نمبر 3)

وزیراعظم اور چیف الیکشن کمشنر کو عہدوں سے ہٹانے کیلئے درخواست دائر

درخواست میں وفاق، شہباز شریف، عارف علوی، مولانا فضل الرحمٰن سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف اور چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا کو عہدوں سے ہٹانے کے لئے سپریم کورٹ میں درخواست دائر کردی گئی۔ ظہور مہدی فیصل نامی شہری کی جانب سے عدالت عظمیٰ میں وزیراعظم شہباز شریف اور چیف الیکشن (بقیہ نمبر 2)

ذرائع کے مطابق اتحادی جماعتوں کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ الیکشن ایک ساتھ ہونے ہیں یا علیحدہ علیحدہ اور کب ہونے ہیں فیصلہ پارلیمنٹ کرے گی

الیکشن ایک ساتھ ہونگے یا علیحدہ فیصلہ پارلیمنٹ کریگی

اتحادی جماعتوں کا اتفاق

اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ پنجاب میں الیکشن کے لیے فنڈز کے اجرا کے حوالے سے پارلیمنٹ اپنا فیصلہ دے چکی ہے اور پارلیمنٹ کا فیصلہ مقدم ہے، سب کو اس کا احترام کرنا چاہیے

وزیراعظم ہاؤس میں ہونے والے اجلاس میں مولانا فضل الرحمان، بلاول بھٹو، میاں افتخار، خالد مقبول صدیقی، آفتاب شیر پاؤ، خالد مگسی، آغا حسن بلوچ، چوہدری سالک حسین، طارق بشیر چیمہ، دیگر وزراء کی شرکت

اتحادی جماعتوں نے فیصلہ کیا کہ تحریک انصاف کے ساتھ مذاکرات کرنے کی کوشش کریں گے لیکن کسی کی ضد، انا اور خواہشات کے مطابق فیصلے نہیں ہوسکتے جبکہ پی ٹی آئی سے مذاکرات کے لیے پارلیمنٹری کمیٹی کا فورم استعمال کیا جائے گا

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اتحادی جماعتوں کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ملک میں الیکشن سے متعلق فیصلہ پارلیمنٹ کرے گی۔ وزیراعظم ہاؤس میں ہونے والے اجلاس میں مولانا فضل الرحمان، بلاول بھٹو، میاں افتخار، خالد مقبول صدیقی، آفتاب شیر پاؤ، خالد مگسی، آغا حسن بلوچ، چوہدری سالک حسین، طارق بشیر چیمہ، ساجد میر، حافظ عبدالکریم، مریم اورنگزیب، اعظم نزیر تارڑ، رانا ثنا اللہ، قمر زمان کائرہ، ایاز صادق اور اسحاق ڈار سمیت دیگر رہنما شریک ہوئے (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: مذاکرات کیلئے کسی ادارے کی ثالثی قبول نہیں کی جائیگی، پارلیمانی پارٹی ن لیگ

سرگودھا میں دیرینہ رنجش پر فائرنگ کے واقعات میں دو افراد کو قتل اور ایک نوجوان کو زخمی کر دیا گیا

سرگودھا (نیوز رپورٹر) سرگودھا میں دیرینہ رنجش پر فائرنگ کے واقعات میں دو (بقیہ نمبر 6)

عید کی چھٹیوں کے بعد ڈالر کی قیمت میں بڑا اضافہ

انٹربینک میں ڈالر 1.03 روپے مہنگا ہوکر 284.50 روپے کا ہوگیا

لاہور (جنرل رپورٹر) عید کی چھٹیوں کے بعد انٹر بینک میں کاروبار کے آغاز میں ہی امریکی ڈالر مزید مہنگا ہوگیا۔ عید تعطیلات کے بعد پہلا روز، انٹربینک میں روپے کی قدر میں کمی دیکھی جارہی ہے۔ انٹربینک میں ڈالر 1.03 روپے مہنگا ہوکر 284.50 روپے کا ہوگیا۔ عید کی چھٹیوں سے قبل (بقیہ نمبر 7)

الیکشن ایک نہیں تمام جماعتوں کی مرضی سے ہوگا، سراج الحق

کچھ سیاستدان آج بھی مارشل لاء دیکھنا چاہتے ہیں جو مارشل لا میں جمہوریت اور جمہوریت میں مارشل لاء کے حامی ہوتے ہیں

سراج الحق نے کہا کہ سیاسی جماعتیں ملک کی بہتری کیلئے ایک ہی الیکشن کروانے پر آمادہ ہوں یہ وقت کی ضرورت بھی ہے

گجرات (خصوصی رپورٹر) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ الیکشن ایک جماعت نہیں تمام سیاسی جماعتوں کی مرضی سے ہی ہوگا۔ گجرات میں گفتگو کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا کہ ایک پارٹی نے بڑے ڈاکو کہنے والے کو اپنی پارٹی کا صدر بنا دیا، ایک جماعت نے مد (بقیہ نمبر 8)

محمد سیف انور چیمہ مشکل اور پریشانی میں پھنسے ہزاروں لوگوں کی امیدیں وابستہ

ادارے کی ساکھ اور ادارے کا لوگوں سے اٹھا ہوا اعتماد بحال ہونے لگا

لینڈ مافیا سمیت دیگر تمام معاملات میں ناہمواریوں اور سرکشیوں کو کنٹرول کرنے کیلئے واضح اور شفاف حکمت عملی اختیار کی گئی ہے

ترجمان کے مطابق فیسوں سے متعلق تفصیلات بھی ون ونڈو آپریشن کے باہر لگادی گئی ہیں تاکہ سائلین کو کسی بھی قسم کی مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ڈائریکٹر جنرل راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی محمد سیف انور چیمہ مشکل اور پریشانی میں پھنسے ہزاروں لوگوں کی امیدیں وابستہ ہونے کے سبب ادارے کی ساکھ اور ادارے کا لوگوں سے اٹھا ہوا اعتماد رفتہ رفتہ بحال ہونے لگا ہے۔ یاد رہے کہ موجودہ (بقیہ نمبر 13)



لاہور: منکی پاکس کیسز: نگران وزیر پنجاب کا محکمہ صحت کو الرٹ رہنے کا حکم

اتحادی جماعتوں کی بیٹھک الیکشن فنڈز متعلق پارلیمنٹ کے فیصلے پر کاربند رہنے کا عزم

مولانا فضل الرحمٰن نے اپنا مؤقف دہرایا، بامقصد مذاکرات کیلئے سب کا متفق ہونا ضروری ہے، شرکاء کی رائے

پنجاب اور کے پی سے متعلق درخواستیں دائر کردی ہیں، تمام جماعتیں سپریم کورٹ کے احترام میں قائم رہیں تاکہ ایک ہی اکٹھے الیکشن ہوسکیں

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس میں مولانا فضل الرحمٰن نے عمران خان سے مذاکرات نہ کرنے سے متعلق اپنا مؤقف دہرایا۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اتحادی جماعتوں کا اجلاس ہوا، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اور اٹارنی جنرل نے عدالتی، قانونی و آئینی امور پر بریفنگ دی۔ ذرائع کے مطابق شرکاء کو پی ٹی آئی سے مذاکرات کیلئے ابتدائی رابطوں بارے آگاہ کیا گیا، اجلاس میں کسی بھی ممکنہ فیصلے کے پیش نظر پارلیمنٹ کا فورم استعمال کرنے پر اتفاق کیا گیا جبکہ اتحادیوں نے الیکشن فنڈز فراہمی سے متعلق پارلیمنٹ کے فیصلے پر کاربند رہنے کا عزم کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ انصاف کے ترازو کے پلڑے برابر نہیں، ہمارے مؤقف درست ثابت ہو رہا ہے، پارلیمنٹ بالادست ادارہ ہے اس کے فیصلوں کو تسلیم کرنا (بقیہ نمبر 12)

سابق سی سی پی او لاہور کا عمران خان حملہ کیس کی فائل دینے سے انکار

اہم دستاویز واپس نہ کرنے پر ریاست کی جانب سے مقدمہ درج کرایا جاسکتا ہے

لاہور (اسپیشل رپورٹر) سابق سی سی پی او لاہور غلام محمود ڈوگر نے عمران خان حملہ کیس کی فائل دینے سے انکار کردیا۔ جے آئی ٹی ذرائع کے مطابق چنیر مین پی ٹی آئی عمران خان پر حملے کی تفتیش (بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد: وزارت خارجہ میں اہم تقرریاں، وزیراعظم شہباز شریف نے منظوری دے دی

روس سے خام تیل کا جہاز 24 مئی تک پاکستان پہنچنے کا امکان

ذرائع کا کہنا ہے کہ ابھی روس سے صرف ٹیسٹنگ کے لیے کارگو آئے گا

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) روس سے خام تیل کا جہاز 24 مئی تک پاکستان پہنچنے کا امکان ہے۔ وزارت توانائی کے ذرائع کے مطابق خام تیل کتنا سستا پڑے گا کچھ بھی کہنا قبل از وقت (بقیہ نمبر 15)

عمران خان قاتلانہ حملہ کیس، نگران حکومت کی جے آئی ٹی کو کیس کی فائل نہ مل سکی

لاہور (نیوز رپورٹر) عمران خان قاتلانہ حملہ کیس، نگران حکومت کی بنائی گئی جے آئی ٹی کو کیس کی فائل نہ مل سکی۔ میڈیا نے جے آئی ٹی ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا ہے کہ تفتیش کی مثل سابق سی سی پی او لاہور غلام محمود ڈوگر اپنے ساتھ لے گئے ہیں، نئی جے آئی ٹی نے کئی بار تفتیش کیلئے غلام (بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد: قومی اسبلی اجلاس: حکمران جماعت کے 2 وفاقی وزرا آپس میں ہی الجھ پڑے

بجلی مزید مہنگی کرنے کی درخواست نیپرا میں جمع کروادی گئی

سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی کی درخواست پر نیپرا 31 مئی کو سماعت کرے گی

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی نے مارچ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے تحت بجلی مہنگی کرنے کی درخواست نیپرا میں جمع کروا دی۔ ڈسکو صارفین کے لیے بجلی 1 روپے 17 پیسے مہنگی کرنے کی درخواست نیپرا میں جمع کرائی گئی ہے۔ سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی کی درخواست پر نیپرا 3 مئی کو سماعت کرے گی۔ دوسری جانب کے الیکٹرک پہلے ہی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی درخواست جمع کرا چکی ہے۔ کے الیکٹرک کی جانب سے بجلی 4 روپے 49 پیسے فی یونٹ مہنگی کرنے کی درخواست کی گئی ہے۔ نیپرا کے الیکٹرک کی درخواست کی سماعت بھی 3 مئی کو کرے گی۔

تمام کلرز انچارج فیس بک لائیو کے ذریعے صارفین کے مسائل کا حل احسن طریقے سے ممکن بنا رہے ہیں، محمد امجد

27 اپریل 2023 تمام آپریشن سرکلز انچارج فیس بک لائیو اور ٹیلیفون پر صارفین کے مسائل سنیں گے، ترجمان آئیسکو

رابطے کے دوران اپنا مکمل نام، رابطہ نمبر اور بجلی بل کا حوالہ نمبر ضرور بتائیں تاکہ درج شدہ شکایت بروقت متعلقہ دفاتر کو بھجوائی جاسکے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) حکومت پاکستان اور وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے معزز صارفین کی بجلی سے متعلقہ تمام مسائل کے فوری حل کو ممکن بنانے کے لئے تمام آپریشن سرکلز انچارج بشمول اسلام آباد، راولپنڈی سٹی، راولپنڈی کینٹ، اٹک، چکوال (بقیہ نمبر 19)

مہنگائی، بیروزگاری اور سڑکوں پر گداگروں کی تعداد میں اضافہ

پولیس، حکام کی جانب سے کریک ڈاؤن جاری ہے، مشیر وزیراعلیٰ وقار مہدی

کراچی (نیوز رپورٹر) کمر توڑ مہنگائی، کم شرح خواندگی اور بے روزگاری معاشرے کے معاشی طور پر پسماندہ طبقات میں اضافے کا سبب بن رہی ہے، ایسے میں بہت سے لوگوں نے ہر طرف سے ناامید ہوکر بھیک مانگنے کیلئے سڑکوں کا رخ کرلیا ہے۔ گفتگو کرتے ہوئے ایک فلاحی تنظیم کے رضا کار عمران الحق نے بتایا کہ بلند مہنگائی، قوت خرید میں کمی کے ساتھ ساتھ لیاری ایکسپریس وے کے (بقیہ نمبر 25)

اپر کوہستان پولیس نے دوران ناکہ بندی اسلحہ برآمد کر کے ملزم گرفتار کرلیا

اپر کوہستان (اسپیشل رپورٹر) اپر کوہستان پولیس نے دوران ناکہ بندی پستول اور گولیاں برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کرلیا ہے۔ ترجمان اپر کوہستان پولیس کے مطابق موجودہ ملکی صورت حال کے پیش نظر ڈی پی او محمد خالد خان کی ہدایات پر پولیس کی (بقیہ نمبر 22)

انصاف اور قانون کی فتح ہوئی ہے، اعظم سواتی

عدالتیں انصاف کے دروازے کھولیں گی تو مظلوموں کو انصاف ملے گا

حکومت نے الٹے سیدھے کیسز بنائے، یہ تو خود ہی پی ڈی ایم پوری سازش ہے

اسلام آباد (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما اعظم سواتی نے کہا ہے کہ انصاف اور قانون کی فتح ہوئی ہے۔ شکار پور میں علی زیدی کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اعظم سواتی نے کہا کہ عدالتیں انصاف کے دروازے کھولیں گی تو مظلوموں کو انصاف ملے گا، (بقیہ نمبر 20)

فیصل آباد اوباش درندے نے چودہ سالہ بچے کو حویلی میں لے جا کر جنسی ہوس کا نشانہ بنا ڈالا

فیصل آباد (اسپیشل رپورٹر) فیصل آباد اوباش درندے نے چودہ سالہ بچے کو حویلی میں لے جا کر جنسی ہوس کا نشانہ بنا ڈالا۔ انکار کرنے پر بچے پر وحشیانہ تشدد۔ پولیس تھانہ بچیانہ نے مقدمہ درج کرنے کے باوجود بااثر ملزم کو گرفتار نہیں کیا (بقیہ نمبر 23)

گڑھی حبیب اللہ، یونس نامی بزرگ کے قتل میں نامزد ملزم گرفتار

رقم کے مطالبہ پر فائرنگ کر کے 20 اپریل 2023 کو محمد یونس نامی شخص کو قتل کر دیا تھا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ کی تھانہ گڑھی حبیب اللہ پولیس نے 63 سالہ محمد یونس نامی بزرگ کے قتل کے مقدمہ میں نامزد ملزم نزارت شاہ ولد پیران شاہ سکنہ سیری ڈھیری کو گرفتار کر لیا گیا جبکہ دوسرے ملزم کی تلاش جاری ہے۔ ملزمان نے مزدوری کی رقم کے مطالبہ پر فائرنگ کر کے 20 اپریل 2023 کو محمد یونس نامی شخص کو قتل کر دیا تھا۔ مانسہرہ کی تھانہ گڑھی حبیب اللہ پولیس نے 63 سالہ محمد یونس نامی بزرگ کے قتل کے مقدمہ میں نامزد ملزم نزارت شاہ ولد پیران شاہ سکنہ سیری ڈھیری کو گرفتار کر لیا (بقیہ نمبر 21)

راولپنڈی: سیکورٹی فورسز اور دہشتگردوں میں فائرنگ کا تبادلہ، دو سپاہی شہید

نگران صوبائی وزراء صحت کی زیر صدارت ڈی جی ہیلتھ کے دفتر میں اجلاس

چلڈرن ہسپتال اور بڑوں کیلئے جنرل ہسپتال کو مختص کر دیا گیا ہے، ڈاکٹر جاوید اکرم

ضروری ٹیسٹنگ سہولیات فراہم کرنے کیلئے ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔ ڈاکٹر جمال ناصر

لاہور (خصوصی رپورٹر) نگران صوبائی وزراء صحت ڈاکٹر جاوید اکرم اور ڈاکٹر جمال ناصر کی زیر صدارت ڈی جی ہیلتھ کے دفتر میں اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈی جی ہیلتھ سروسز ڈاکٹر الیاس گوندل، عالمی ادارہ صحت کے ڈاکٹر جنید، یوسف کے ڈاکٹر قرۃ العین، ایڈیشنل سیکرٹری (بقیہ نمبر 26)

وزیر خزانہ کی زیر صدارت اجلاس، نیلور ہائٹس۔1 پروجیکٹ کی بیلٹنگ 8 مئی سے پہلے مکمل رنے کی ہدایت

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ملک کی معاشی اور مالیاتی ترقی میں سمندر پار پاکستانیوں کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے سی ڈی اے حکام (بقیہ نمبر 24)

عید الفطر تعطیلات کے دوران بہترین سروسز کی فراہمی یقینی بنائی گئی

معزز صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی اور کوالٹی سروسز کا وعدہ پورا کیا، ڈاکٹر محمد امجد خان

آئیسکو انتظامیہ اور تمام فیلڈ فارمیشنز کی کارکردگی کو خراج تحسین پیش کیا گیا، چیف ایگزیکٹو آئیسکو

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) آئیسکو کے محنتی جفاکش افسران وسٹاف نے ماہ رمضان کے مبارک مہینے میں اور عید الفطر تعطیلات کے دوران معزز صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی اور کوالٹی سروسز کا وعدہ پورا کیا اور صارفین کی جانب سے آئیسکو انتظامیہ اور تمام فیلڈ فارمیشنز کی کارکردگی کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ چیف ایگزیکٹو آئیسکو ڈاکٹر محمد امجد خان نے اپنے ایک پیغام میں آئیسکو کی تمام فارمیشنز خصوصی طور پر آپریشنز کے تمام افسران و عملے کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ آئیسکو کی کامیابی اس (بقیہ نمبر 27)

قومی اسمبلی کے سپیکر و ڈپٹی سپیکر کا ٹھٹھہ ٹریفک حادثے میں جانی نقصان پر گہرے دکھ کا اظہار

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف اور ڈپٹی سپیکر زاہد اکرم درانی نے ٹھٹھہ میں چلیاں کے مقام پر پیش آنے والے ٹریفک حادثے میں جانی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ بدھ کو اپنے الگ الگ تعزیتی پیغامات میں انہوں نے حادثے میں جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت اور لواحقین کو اس (بقیہ نمبر 11)

پیر عابد حسین قادری اور زاہد صراف عمرے کی سعادت حاصل کرنے کے لیے سفر پر روانہ

صحافی سماجی شخصیات اور اہل محلّہ نے ملاقات کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا

گوجر خان (قمر شہزاد) گوجر خان وارڈ نمبر 19 جامع مسجد قادریہ چشتیہ کے سرپرست اعلیٰ علامہ پیر عابد حسین قادری سجادہ نشین دربار عالیہ گوجر خان اور نمائندہ ایک آواز نیوز محمد نعمان کے ماموں (بقیہ نمبر 9)

ساجد محمود کیخلاف شہری کو بے گناہ قتل، کرنے پر تھانہ دھمیال نے ایف آئی درج

قتل ہونے والے واقعہ میں مقامی شہری ضمیر حیدر کو جھوٹے گواہان کے ذریعے مقدمہ میں پھنسا دیا تھا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) سابق وائس چیئرمین یوسی 89 چک جلال دین ساجد محمود کے خلاف شہری کو بے گناہ قتل کے مقدمہ میں ملوث کرنے پر تھانہ دھمیال نے ایف آئی درج کر لی۔ تفصیلات کے مطابق چوہدری ساجد محمود نے دوسال قبل گرجا روڈ پر قتل ہونے والے واقعہ میں (بقیہ نمبر 10)

حکومت کی مردم شماری پر ایم کیو ایم کے تحفظات دور کرنے کی یقین دہانی

خالد مقبول صدیقی، ڈاکٹر فاروق ستار، امین الحق اور جاوید حنیف پر مشتمل ایم کیو ایم پاکستان کے وفد نے حکومتی وفد سے ملاقات کی، ایم کیو ایم

ایم کیو ایم پاکستان کے وفد نے حکومتی ارکان خواجہ آصف، خواجہ سعد رفیق اور احسن اقبال کو حالیہ مردم شماری پر تفصیل سے اپنے تحفظات سے آگاہ کیا

اسلام آباد (خبر نگار) وفاقی حکومت نے مردم شماری پر ایم کیو ایم پاکستان کے تحفظات دور کرنے کی یقین دہانی کروا دی۔ ذرائع کے مطابق خالد مقبول صدیقی، ڈاکٹر فاروق ستار، امین الحق اور جاوید حنیف پر مشتمل ایم کیو ایم پاکستان کے وفد نے حکومتی وفد سے ملاقات کی۔ ایم کیو ایم پاکستان (بقیہ نمبر 17)

گورنر خیبر پختونخوا کو عہدے سے ہٹانے اور نگران صوبائی حکومت کیخلاف درخواست دائر

پشاور (نیوز رپورٹر) گورنر خیبر پختونخوا کو عہدے سے ہٹانے اور نگران حکومت کیخلاف درخواست دائر کر دی گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پشاور ہائیکورٹ میں درخواست معظم بٹ ایڈووکیٹ (بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد: انتخابات کے معاملے پر سپیکر قومی اسمبلی کا چیف جسٹس کو خط لکھنے کا اعلان

فیصل آباد پی پی چھوڑنے والے ملک اسماعیل پر قسمت مہربان، پی ٹی آئی کا ٹکٹ مل گیا

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی چھوڑ کر تحریک انصاف جوائن کرنے والے سابق مشیر ملک اسماعیل سیلا پر ''قسمت مہربان'' پی (بقیہ نمبر 28)

ذخیرہ اندوزوں کیخلاف کارروائیاں، گندم کی 6300 بوریاں برآمد

کاموں کے، رائس مل سے 2 ہزار بوریاں برآمد، گندم پشاور اسمگل کرنے والے 3 ٹرک پکڑ لیے

کاموں کے/ حافظ آباد (نیوز رپورٹر) ضلعی انتظامیہ اور محکمہ پاسکو کی جانب سے گندم اسمگلنگ اور ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں جب کہ مختلف شہروں میں کارروائیو (بقیہ نمبر 29)

مہنگائی، بیروزگاری اور سڑکوں پر گداگروں کی تعداد میں اضافہ

پولیس، حکام کی جانب سے کریک ڈاؤن جاری ہے، مشیر وزیراعلیٰ وقار مہدی

کراچی (نیوز رپورٹر) کمر توڑ مہنگائی، کم شرح خواندگی اور بے روزگاری معاشرے کے معاشی طور پر پسماندہ طبقات میں اضافے کا سبب بن رہی ہے، ایسے میں بہت سے لوگوں نے ہر طرف سے ناامید ہوکر بھیک مانگنے کیلئے سڑکوں کا رخ کرلیا ہے۔ گفتگو کرتے ہوئے ایک فلاحی تنظیم کے رضا کار عمران الحق نے بتایا کہ بلند مہنگائی، قوت خرید میں کمی کے ساتھ ساتھ لیاری ایکسپریس وے کے (بقیہ نمبر 25)

گیس دھماکے کے ٹوٹنے والی نالہ کی پلی مرمت کیلئے کسی مسیحا کی متلاشی گوجر خان انتظامیہ ستو پی کر سو گئی

گوجر خان وارڈ نمبر 7 لکڑ ٹال والی گلی کا نالے کی اوپر بنی پلی کا واحد راستہ گیس لیکج کے باعث دھماکے ہونے سے نالے کے اوپر ڈالا گیا

اہلیان علاقہ سخت اذیت کا شکار ٹرانسپورٹ کی آمد و رفت معطل پیدل چلنا محال اہلیان 7 وارڈ نے اے سی گوجر خان سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق انتظامیہ کی عدم توجہی اور بے حسی کے سبب اہلیان 7 وارڈ سخت اذیت کا شکار گزشتہ دنوں گوجر خان وارڈ نمبر 7 لکڑ ٹال والی گلی کا نالے کی اوپر بنی پلی کا واحد راستہ گیس لیکج کے باعث دھماکے ہونے سے نالے کے اوپر ڈالا گیا لنٹر بری طرح ٹوٹ گیا اور یہاں سے موٹر سائیکل، رکشوں اور پیدل چلنے والوں کا گزرنا محال ہو گیا اہلیان وارڈ نمبر 7 نے کہا کہ اتنے دن گزر جانے کے باوجود انتظامیہ کی جانب سے یہاں پر نہ کوئی اہلکار بھیجا گیا اور نہ ہی اس کی مرمت کے لیے کچھ کیا گیا شہریوں کے مطابق نالے میں گیس بھر جانے سے زبردست دھماکہ ہوا جس سے نہ (بقیہ نمبر 30)

گیس دھماکے سے ٹوٹنے والی نالہ کی پلی مرمت کے لیے کسی مسیحا کی متلاشی گوجر خان انتظامیہ ستو پی کر سو گئی

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Laikaar

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

سوات تھانے میں دھماکے

سوات میں کانٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ) سی ٹی ڈی (تھانے میں ہونے والے دو دھماکوں سے تھانے اور مسجد کی چھتیں زمین بوس ہوگئیں جبکہ 18 افراد شہید اور 45 زخمی ہوئے۔ تھانہ کیل میں دھماکے رات آٹھ بجے کے قریب ہوئے جس سے سی ٹی ڈی کی عمارتیں گر گئیں۔ ڈی آئی جی سی ٹی ڈی خالد سہیل نے بتایا کہ تھانے میں دو دھماکے ہونے کے بعد علاقے کی بجلی منقطع ہوگئی۔ تھانے میں بھاری اسلحہ اور مارٹر گولے بھی موجود تھے۔ ان کے مطابق ممکن ہے کہ دھماکے ان گولوں کے پھٹنے سے ہوئے۔ بظاہر یہ خودکش یا دہشت گردی کا واقعہ معلوم نہیں ہوتا، تھانے کے گیٹ پر کوئی دھماکہ نہیں ہوا جبکہ عموماً خودکش حملہ آور خود کو گیٹ پر ہی اڑا دیتے ہیں۔ دھماکوں کی ابتدائی رپورٹ کے مطابق شارٹ سرکٹ سے دھماکہ ہونے کا زیادہ امکان ہے، باہر سے حملے کا بھی ابھی تک کوئی ثبوت نہیں ملا۔ دھماکوں کی شدت کے سبب تھانے کے اردگرد کی عمارتوں کے شیشے بھی ٹوٹ گئے، دھماکے کی وجہ سے بجلی منقطع ہوگئی جس سے ریسکیو ٹیموں کو امدادی کاموں میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا تاہم زخمی ہونے والے تمام افراد کو قریبی ہسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا۔ محکمہ صحت خیبر پختونخوا نے ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر دی ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ زخمیوں کا ہنگامی بنیادوں پر علاج کیا جا رہا ہے۔ سکیورٹی فورسز نے متاثرہ علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔ دھماکے کے بعد ضلع بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ کر دی گئی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے دھماکوں میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس کیا ہے۔ شہدا کے درجات کی بلندی کی دعا کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی اور انہیں ہر ممکن طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے واقعے کی فوری رپورٹ طلب کر لی۔ دوسری جانب لکی مروت میں انسداد دہشت گردی فورس کی کارروائی کے دوران دو دہشت گردوں نے خود کو دھماکے سے اڑا لیا جبکہ ایک کو فائرنگ کر کے ہلاک کر دیا گیا۔ دہشت گردوں سے فائرنگ کے تبادلے میں ایک پولیس اہلکار شہید اور ایک شدید زخمی ہوگیا۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جوانوں اور دہشت گردوں میں تازہ جھڑپ ایک ایسے وقت میں ہوئی جب عید کے دنوں میں لکی مروت شہر کے محلہ فوئیداد میں نامعلوم افراد نے پاک آرمی کے سابق سینئر افسر کرنل) ر (مقرب خان مروت کو مہمان خانے میں عید ملتے ہوئے شہید کر دیا تھا۔ سوات میں ہونے والے دھماکے کی اصل وجوہات تو یقیناً تحقیقات کے بعد آنے والی رپورٹ میں سامنے آ جائیں گی، عین ممکن ہے یہ دہشت گردی کی کارروائی نہ ہو لیکن یہ اِس وقت خیبر پختونخوا میں دہشت گردوں کی کارروائیاں روز بروز بڑھتی نظر آ رہی ہیں۔ ہماری بہادر فورسز تندہی سے اِن دہشت گردوں کا مقابلہ کر رہی ہیں لیکن اِس کے باوجود ایسا محسوس ہو رہا ہے کہ جدید اسلحے کی کمی، وسائل کے فقدان اور اداروں کے مابین رابطے کی کمی کے سبب دہشت گردانہ کارروائیوں کے سدِباب میں مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ ماضی میں تخریب کاروں کے مقابلے کے لیے صوبے کو ملنی والی اربوں روپے کی خصوصی امداد کے استعمال پر بھی سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔ دہشت گردوں کے مقابلے کے حوالے سے کم وسائل اور کم صلاحیتوں کے حوالے سے کچھ عرصہ قبل سامنے آنے والی سی ٹی ڈی رپورٹس آنکھیں کھولنے کے لیے کافی ہیں تاہم افسوسناک امر یہ ہے کہ ہم نے ماضی سے سبق سیکھا ہے اور نہ ہی اپنی اصلاح کی ہے۔ اربوں روپے کی امداد اور خصوصی گرانٹ کے باوجود جدید اسلحہ خریدنا تو درکنار مخدوش عمارتوں میں قائم تھانوں کو نئی عمارتوں میں منتقل نہیں کیا جا سکا۔ ابھی تک سوات کے تھانے میں دھماکوں کی وجوہات سامنے نہیں آئیں لیکن بالفرض اگر یہ دھماکے شارٹ سرکٹ یا بارودی مواد، اسلحہ رکھنے کی وجہ سے بھی ہوئے ہیں تو اِن کا ذمہ دار کون ہے؟ یہ تو زیادہ افسوسناک ہے۔ اِس مخدوش عمارت میں اتنے حساس تھانے کا وجود بذاتِ خود ایک المیہ قرار دیا جا سکتا ہے جہاں بڑی تعداد میں اسلحہ بھی موجود تھا۔ منصوبہ بندی نہ ہونے، ذمہ داری کے فقدان، جدید آلات کی کمی اور وفاق سے ملنے والی امدادی رقوم کے غلط استعمال کے سبب آئے روز کسی نہ کسی حادثے کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور ایسے واقعات انتظامی امور میں کوتاہی کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ غفلت اور غیر ذمہ داری صرف محکموں تک ہی محدود نہیں ہے بلکہ عام آدمی بھی اس کا شکار ہو رہا ہے۔ عید کی تعطیلات میں درجنوں افراد ٹریفک حادثوں میں اپنی جان گنوا بیٹھے، اِس طرح کے واقعات ہر سال ہوتے ہیں، انتظامات اور غیر ذمہ دارانہ انداز میں فرائض کی ادائیگی کے سبب نہ جانے کتنے افراد حادثوں کی نظر ہو جاتے ہیں لیکن کسی کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی۔

عوام سے خوف کیوں؟

ناصرہ عتیق

کائنات کی رونقیں آدم زاد کی پیدائش سے بحال ہوئیں انسان نے آہستہ آہستہ دنیا میں سماجی قدریں روشناس کرائیں اور وہ بتدریج پتھر کے زمانے سے موجودہ دور میں داخل ہوا قبل مسیح انسان اتنا مہذب نہیں تھا قبیلوں میں بٹا ہوا تھا عوام طاقت کا سرچشمہ نہ تھے بادشاہت و سرداری نظام قائم تھا طاقت ور حکمرانی کرتے تھے اسلامی حکومتیں بھی خلافت سے شروع ہوئیں اور ہمارے پیارے سازشوں سے شہید ہوئے لیکن خلفا کی حکمرانی میں عدل انصاف کا بول بالا رہا موجودہ جمہوری نظام کی داغ بیل تقریباً ہزار سال قبل بڑی اور اس کی ابتدائی شکل برطانیہ میں بادشاہی نظام کے متوازی قائم ہوئی پارلیمنٹ کا موجودہ نظام بھی اس نصف سے زائد دنیا میں برطانیہ کو حکمرانی سے پھیلا اور انگریز نے برصغیر میں گہرے اثرات چھوڑے۔ ہندوستان میں مہاراجوں کا ریاستی نظام قائم تھا لیکن وہاں کے سیاسی پنڈتوں نے جمہوریت کو مضبوط کیا تاکہ دوبارہ مغل و انگریز آسانی سے ہندوستان پر قبضہ نہ کر سکیں پاکستان میں قائد اعظم کے بعد کمزور سیاست دان نہ جمہوری اور نہ ہی بادشاہی نظام قائم کر سکے بلکہ کمزور جمہوریت کے ساتھ فوجی آمریت قائم کرنے میں کامیاب ہوگئے۔ فوجی آمریت میں کمزور سیاست دان فوج کے کندھے پر بیٹھ کر اپنی مصنوعی حکمرانی کے مزے لوٹتے ہیں اور ملک کی دولت پیرس، لندن و دیگر ممالک میں منتقل کرتے ہیں اب اس میں چند فوجی حکمران بھی شامل ہوگئے ہیں 75 سال گزرنے کے بعد بھی ملک آگے بڑھنے کی بجائے پیچھے کی طرف جا رہا ہے اور شاید 1947 سے بھی پیچھے چلا گیا ہے 75 سال پہلے غریب ہونے کے باوجود ہماری سانسیں آزاد تھیں اب ہماری سانسیں بھی مقروض ہیں ہمارے حکمران بڑے فخر سے بتاتے ہیں کہ ہم فلاں ملک سے کم سود پر قرضہ لینے میں کامیاب ہوگئے فلاں ملک سے خیرات لینے میں کامیاب ہوگئے ہیں خیرات و قرض لینے میں فوجی قیادت اور سیاست دان دونوں شامل ہیں گزشتہ ایک سال سے ملک شدید سیاسی و معاشی بحران میں مبتلا ہے موجودہ پی ڈی ایم میں اکثر جماعتیں اپنے کیس ختم کرانے میں مصروف ہیں اور چھوٹی سی پارلیمنٹ سے اپنے تحفظ کے بل پاس کرانے میں مشغول ہیں آرمی افسر میڈیا پر آ کر صف بندی میں مصروف ہیں آئین کی دھجیاں بکھیری جا رہی ہیں۔ عدلیہ سے صف بندی ہو رہی ہے پی ٹی آئی بھی اسمبلیاں توڑ کر اپنے داؤ پیچ کھیلنے میں مصروف ہے جو کہ خواتین اور نوجوانوں کی مضبوط جماعت ہے عدلیہ بھی سیاسی کھیل میں مصروف ہے چند جج صاحبان کو ذمہ داریاں نبھانے کے بجائے سیاسی تقریریں کرنے کا شوق ہے لیکن عہدے سے مستعفی ہو کر سیاسی پارٹی بنانے کی ہمت نہیں جمہوری ملکوں میں چند ارکان مستعفی ہو جائیں تو وزیراعظم پارلیمنٹ توڑ کر فوری عوام کے پاس چلے جاتے ہیں اور انتخابی عمل سے نئی حکومت بناتے ہیں لیکن یہاں سیاست دان اور آمر ہوا کا رخ دیکھ کر الیکشن کراتے ہیں اور موافق ہواں کا انتظار کرتے ہیں موجودہ ملکی حالات میں عوام کا جینا دوبھر ہوگیا۔

الیکشن کب ہوں گے؟

محمد علی یزدانی

الیکشن 14 مئی کو ہوں گے یا جولائی کی تاریخ آئے گی یا حکومت کی خواہش کے مطابق اکتوبر میں الیکشن کا انعقاد ہوگا اس حوالے سے عید کے بعد سپریم کورٹ کی سماعت بڑی اہمیت اختیار کر چکی ہے کیوں کہ پی ڈی ایم میں شامل جماعتیں چاہتی ہیں کہ ایک ساتھ پورے ملک میں الیکشن ہوں تو دوسری جانب عمران خان چاہتے ہیں کہ پہلے پنجاب کے الیکشن ہوں، وہ بڑے پر امید ہیں کہ پنجاب میں ایک بار پھر حکومت بنانے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ عمران خان کہتے ہیں کہ 14 مئی کو الیکشن نہیں ہوتے تو وہ تحریک شروع کر دیں گے۔ عمران خان پہلے ہی ملک میں ایک احتجاجی تحریک جاری رکھے ہوئے ہیں اور جب سے وہ زخمی ہوئے ہیں زمان پارک پر ان کے گھر کے باہر کارکن آئے روز احتجاج کرتے ہیں اور پولیس آپریشن ہو چکے ہیں لیکن اس کے باوجود عمران خان کی مراد پوری نہیں ہو پا رہی یعنی الیکشن ابھی تک چودہ مئی کو ہوتے ہوئے دکھائی نہیں دے رہے۔ یہاں اہم سوال یہ ہے کہ کیا الیکشن 14 مئی کو ہوں گے یا تحریک انصاف کی ایک نئی تحریک شروع ہوگی کیوں کہ چودہ مئی کو الیکشن نہ ہوئے تو تحریک انصاف احتجاجی تحریک چلانے کے موڈ میں دکھائی دیتی ہے، ادھر تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کہتے ہیں کہ اگر مئی میں قومی اسمبلی بھی تحلیل کر دی جائے تو جولائی میں پورے ملک میں ایک ساتھ انتخابات کرائے جا سکتے ہیں، کیا پی ڈی ایم اس تجویز پر عمل کر سکتی ہے یہ بھی ایک اہم سوال ہے کیوں کہ پی ڈی ایم والے تو چاہتے ہی یہ ہیں کہ پورے ملک میں ایک ساتھ الیکشن کرائے جائیں لیکن یہ الیکشن کس تاریخ کو ہونے ہیں اس پر ابہام ہے کیوں کہ پی ڈی ایم حکومت تو واشگاف الفاظ میں سپریم کورٹ کے فیصلے کو مسترد کر چکی ہے اور ابھی تک پی ڈی ایم حکومت نے سپریم کورٹ کے کہنے کے باوجود 21 ارب کے فنڈ جاری نہیں کئے اور قانونی ماہرین یہ بھی کہتے ہیں کہ ہو سکتا ہے کہ سپریم کورٹ کے حکم پر عمل درآمد نہ کرنے کی صورت میں شہباز شریف بھی اپنا نام نا اہل ہونے والے وزرائے اعظم کی لسٹ میں درج کرا لیں۔ اس سے قبل یوسف رضا گیلانی بھی سپریم کورٹ کے فیصلے پر خط نہ لکھنے کی پاداش میں نا اہل ہوئے تھے۔ سپریم کورٹ نے سیاسی جماعتوں کو گزشتہ سماعت میں حکم دیا تھا کہ وہ ایک دوسرے سے مذاکرات کر کے ایک الیکشن کی تاریخ دیں تاکہ ملک میں سیاسی افراتفری کا خاتمہ ہو سکے۔ عدالت نے سیاسی جماعتوں کو مذاکرات کیلئے وقت دیا ہوا ہے، کیا مذاکرات ہوں گے، سیاسی جماعتیں الیکشن کی تاریخ پر متفق ہو جائیں گی؟۔ بظاہر لگتا تو نہیں ہے کہ سیاسی جماعتیں سپریم کورٹ کے حکم کے تحت ہونے والے مذاکرات میں الیکشن کی تاریخ پر متفق ہو جائیں۔ وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ کہتے ہیں کہ سپریم کورٹ کے کہنے پر ہونے والے مذاکرات سے تناؤ بڑھا ہے اس سے سیاسی کشیدگی کم ہونے کی بجائے مزید بڑھی ہے، پھر آئے روز ایک نئی آڈیو مارکیٹ میں آ جاتی ہے جس کی وجہ سے ٹی وی کی سکرینوں پر رونق برپا ہو جاتی ہے۔ ایک بار پھر ملک میں ایک مبینہ آڈیو کا چرچا ہے جو خواتین کی آپس کی گفتگو ہے، اس کی کیا قانونی اور آئینی حیثیت ہے؟ آڈیو یا ویڈیو لیکس کون ریکارڈ کرتا ہے، کیا یہ سوچے سمجھے منصوبے کے تحت نشر کی جا رہی ہیں، کب کس کی آڈیو مارکیٹ میں لانی ہے پہلے سے طے شدہ ہے یہ بڑے اہم سوالات ہیں اور سب سے بڑھ کر سوال یا مطالبہ ہے جو سنجیدہ سیاسی حلقے کر رہے ہیں کہ یہ کھیل اب ختم ہو جانا چاہئے کیوں کہ کسی شہری کی جاسوسی کرنا اس کی کال ریکارڈ کرنا ویسے بھی اخلاقی طور پر درست نہیں ہے اور اس کا ہماری سیاست پر کوئی اچھا تاثر بھی نہیں پڑ رہا، یعنی اس کے بعد الزام تراشیوں کا ایک نیا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ دوسری جانب پی ٹی آئی نے پنجاب کے تمام حلقوں میں انتخابی کنٹس کا اعلان کر دیا ہے، پنجاب میں پی ٹی آئی کی جانب سے وزارت اعلیٰ کا امیدوار کون ہو سکتا ہے اس پر چہ مگوئیاں کی جا رہی ہیں کہ پی ٹی آئی خود کو پنجاب کی سب سے بڑی سیاسی جماعت گردانتی ہے لیکن ابھی تک یہ واضح نہیں ہے کہ اس کی پنجاب کی گدی کون سنبھالے گا۔ جن امیدواروں کو پنجاب کا ممکنہ وزیراعلیٰ سمجھا جا رہا تھا جیسے کہ فواد چوہدری، شاہ محمود، شہباز گل، حماد اظہر انہیں پنجاب میں ٹکٹ ہی نہیں دیا گیا۔ سیاسی حلقے پوچھ رہے ہیں کہ پنجاب میں الیکشن کے بعد اگر پی ٹی آئی اقتدار میں آئی تو کیا پھر بزدار جیسا وزیراعلیٰ پنجاب کی قسمت میں ہوگا اگر ایسا ہوا تو یہ پنجاب کی بڑی بدقسمتی ہوگی۔ اس کے علاوہ پی ٹی آئی جو سیاست میں شفافیت کی علم بردار تو ہے لیکن ٹکٹوں کی تقسیم کے حوالے سے اس پر جو پیسے لینے کے الزامات لگے ہیں وہ بڑے افسوسناک ہیں کیوں کہ ایسی سیاسی جماعت جو سسٹم کے گند کو صاف کرنے کا دعویٰ تو کرتی ہے اس جماعت میں اگر پیسے لے کر ٹکٹس دیئے جا رہے ہیں تو پھر اسے دوسری سیاسی جماعتوں سے خود کو برتر سمجھنا چھوڑ دینا چاہئے۔ پھر آئے روز ایک نئی آڈیو مارکیٹ میں آ جاتی ہے جس کی وجہ سے ٹی وی کی سکرینوں پر رونق برپا ہو جاتی ہے۔ ایک بار پھر ملک میں ایک مبینہ آڈیو کا چرچا ہے جو خواتین کی آپس کی گفتگو ہے، اس کی کیا قانونی اور آئینی حیثیت ہے؟ آڈیو یا ویڈیو لیکس کون ریکارڈ کرتا ہے، کیا یہ سوچے سمجھے منصوبے کے تحت نشر کی جا رہی ہیں، کب کس کی آڈیو مارکیٹ میں لانی ہے پہلے سے طے شدہ ہے یہ بڑے اہم سوالات ہیں اور سب سے بڑھ کر سوال یا مطالبہ ہے جو سنجیدہ سیاسی حلقے کر رہے ہیں کہ یہ کھیل اب ختم ہو جانا چاہئے کیوں کہ کسی شہری کی جاسوسی کرنا اس کی کال ریکارڈ کرنا ویسے بھی اخلاقی طور پر درست نہیں ہے اور اس کا ہماری سیاست پر کوئی اچھا تاثر بھی نہیں پڑ رہا، یعنی اس کے بعد الزام تراشیوں کا ایک نیا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔

"سوڈان اور پاکستان میں اقتدار کے حصول کی جنگ"

تحریر: اعجاز علی ساغر اسلام آباد

پچھلے دنوں برطانوی ڈپٹی وزیراعظم ڈومینک راب نے اپنے عملے پر دباؤ ڈالنے کے الزامات کے بعد استعفیٰ دے دیا ان پر الزام لگایا گیا کہ انہوں نے اپنے دفتری عملے کیساتھ نامناسب رویہ اختیار کیا ہے اور انہیں زدوکوب کیا ہے استعفیٰ دینے کے بعد بھی ان پر تنقید جاری ہے اور وہ انکوائری کا سامنا کر رہے ہیں، اسی طرح کچھ عرصہ پہلے نیوزی لینڈ کی دبنگ وزیراعظم جیسنڈا آرڈرن نے یہ کہہ کر استعفیٰ دیدیا کہ اب ان میں نئے چیلنجز کا سامنا کرنے کی ہمت نہیں ہے وہ نئی قیادت کو موقع دینا چاہتی ہیں ان کا کہنا تھا کہ ان کی نظر میں نیوزی لینڈ کی خوشحالی و ترقی اقتدار سے زیادہ ضروری ہے، اسی طرح سابق برطانوی وزیراعظم بورس جانسن نے بطور وزیراعظم اپنے ایک امیر کزن کی ضمانت پر ایک بنک سے آٹھ لاکھ پاؤنڈ قرض لیا ان کا کہنا تھا کہ بطور وزیراعظم میری تنخواہ 13 ہزار پاؤنڈ ہے جس سے وزیراعظم کے منصب پہ گزارا نہیں ہو رہا تھا کیونکہ اسٹیٹس کے حوالے سے بھی خرچے بڑھ گئے تھے بورس جانسن وزیراعظم بننے سے پہلے ڈیلی ٹیلی گراف میں کالم لکھتے تھے جس سے انہیں ماہانہ بیس ہزار ڈالر ملتے تھے جبکہ بطور مہمان کہیں اسپیکر جانے پر بھی بھاری معاوضہ ملتا تھا جو وزیراعظم بننے کے بعد بند ہوگیا۔

یہ گورے عجیب پاگل لوگ ہیں وزیراعظم بن کر بھی بنکوں سے ادھار لیتے پھرتے ہیں جبکہ ہماری طرف کوئی ایک بار ایم پی اے بن جائے تو اسکی سات نسلیں عیاشی کرتی نظر آتی ہیں کیا بیوروکریٹ کیا جج، جرنیل الغرض جس کا بھی دانا لگا ہے اس نے نہیں چھوڑا۔ آج مغربی ممالک اور یورپ ہم سے کیوں آگے ہے اسکی وجہ یہی ہے کہ وہاں قانون اور اداروں کا احترام ہے اور قانون سے کوئی بالاتر نہیں ہے لیکن ہمارے ملک کی بدقسمتی ہے کہ ہم شراب کو شراب ثابت نہیں کر سکتے وہ بھی شہد بن جاتی ہے۔

آج کل سوڈان میں آرمی اور پیرا ملٹری فورسز میں اقتدار کے حصول کیلئے لڑائی جاری ہے جس میں سینکڑوں بے گناہ شہری جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں سوڈان کی ہسٹری کے متعلق آپ سب مجھ سے اچھی طرح واقف ہوں گے سمجھ لیں دوسرا پاکستان ہے ان دونوں ممالک کے حالات اس وقت ایک جیسے ہی ہیں سوڈانی فوج کے سربراہ جنرل عبدالفتاح البریان اور پیرا ملٹری فورسز کے سربراہ جنرل محمد حمدان دگالو کے درمیان اقتدار کی جنگ نے معصوم سوڈانیوں کی لاشیں سڑکوں پر بکھیر دی ہیں خرطوم شہر سے لوگوں کا انخلا شروع ہو چکا ہے وہاں کے عینی شاہدین کا کہنا ہے کہ خرطوم کی سڑکوں اور گلیوں میں لاشیں ہی لاشیں دکھائی دیتی ہیں جن کو ابھی تک اٹھایا نہیں گیا جسکی وجہ سے ہر طرف تعفن پھیلا ہوا ہے اقتدار بہت بری چیز ہے یہ انسان کے حواس کھا جاتا ہے سوچنے سمجھنے کی صلاحیت مفقود ہو کر رہ جاتی ہے یہی کچھ سوڈان میں ہو رہا ہے 2021 میں جمہوری حکومت کا تختہ الٹنے کے بعد جنرل عبدالفتاح اور جنرل محمد حمدان نے ملکر اپنے دشمنوں کو ختم کیا اور پھر اقتدار کے مزے لوٹنے لگے جب آرمی چیف عبدالفتاح) جو کہ موجودہ صدر بھی ہیں (کو جنرل حمدان) جو کہ عبدالفتاح کے نائب ہیں (کے حد سے تجاوز کرنے کی شکایات مسلسل موصول ہونے لگیں تو انہوں نے اقتدار عوامی نمائندوں کو سونپنے کا فیصلہ کیا جسکی محمد حمدان نے شدید مخالفت کی اور پھر اسی اقتدار کیلئے دونوں کے درمیان گھمسان کا رن پڑ گیا۔

سوڈان کے حالات بھی پاکستان سے مختلف نہیں ہیں یہاں بھی زیادہ آمریت نے اقتدار کے مزے لوٹے ہیں اور قدرتی وسائل سے مالا مال اس ملک کو حکمرانوں نے کنگال کر کے رکھ دیا ہے۔

ادھر پاکستان بننے سے لیکر آج تک مسائل میں گھرا ہوا ہے قائداعظم محمد علی جناح اور لیاقت علی خان کے بعد ایک نہ ختم ہونیوالی طویل داستان ہے ہم ماضی میں نہیں جاتے صرف حال کا ہی ذکر کرتے ہیں کہ اس وقت ایکدوسرے کو سڑکوں پر گھسیٹنے اور ایک دوسرے کا پیٹ پھاڑنے والے اقتدار کیلئے اکٹھے ہوگئے ہیں ملک میں عملاً آئین ختم ہو چکا ہے اگر اس کا اطلاق ہے تو وہ صرف اور صرف عام اور غریب آدمی کیلئے رہ گیا ہے ان سیاستدانوں نے اداروں کو بھی متنازعہ بنا دیا ہے کہاں ڈومینک راب، جیسنڈا آرڈرن اور بورس جانسن جیسے سیاستدان اور کہاں ہمارے علی بابا چالیس چور، ہمارے سیاستدانوں کو ملک کی کم اور اپنی نسلیں سنوارنے کی زیادہ فکر ہے اس وقت آپ ایک نظر موجودہ سیاستدانوں پر ڈالیں تو آپ پر ساری صورتحال واضح ہو جائے گی۔

ملک اس وقت آئی ایم ایف کے قدموں میں پڑا ہے قرض کی بھیک مانگ رہا ہے مہنگائی ایشیا کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہے کھانے پینے کی عام اشیا بھی لوگوں کی قوت خرید سے باہر ہو چکی ہیں ہمیں مطالعہ پاکستان میں پڑھایا جاتا ہے کہ پاکستان دنیا کا ساتواں بڑا زرعی ملک ہے اور اس زرعی ملک کے پاس کھانے کو گندم نہیں ہے لوگ آٹے کے حصول کیلئے لمبی قطاروں میں کھڑے نظر آتے ہیں دنیا میں تیل کی قیمتیں کم ہو رہی ہیں میری قوم کو ہر پندرہ دن بعد اضافے کا ٹیکہ لگا دیا جاتا ہے دوسری ضروریات زندگی کی تمام اشیا عام تو عام اب متوسط طبقہ کی قوت خرید سے بھی باہر ہیں لیکن یہ ہمارے سیاستدانوں کا مسئلہ نہیں ہے ہمارے سیاستدان اپنی اولاد کے مستقبل کیلئے پریشان ہیں ہر کوئی اپنی اولاد کو اپنی جگہ تخت نشیں دیکھنا چاہ رہا ہے یہاں بھی سوڈان کی طرح اقتدار کیلئے کولڈ وار جاری ہے بس فرق یہ ہے کہ وہاں براہ راست گولہ باری ہو رہی ہے اور اس سے عوام مر رہی ہے اور یہاں بھوک، افلاس، عدم انصاف، بیروزگاری اور مہنگائی کے میزائلوں اور بموں سے عوام کو مارا جا رہا ہے وہاں بھی اقتدار کو طول دینے کیلئے لڑائی جاری ہے اور یہاں بھی اقتدار کی طوالت کیلئے گھمسان کا رن پڑا ہے دونوں طرف لاشیں ہی لاشیں نظر آ رہی ہیں سوڈان میں مردہ لاشیں بکھری پڑی ہیں اور پاکستان میں جہاں دیکھیں آپ کو زندہ لاشیں نظر آئیں گی۔

ہم اپنے قیام سے لیکر اب تک نہیں سیکھے اور شاید سیکھنا بھی نہیں چاہتے آپ کبھی کسی پیشہ ور بھکاری کی زندگی کا جائزہ لیں اسکو آپ سونے کا محل بھی ڈال کر دیدو وہ بھیک مانگنا نہیں چھوڑے گا ہماری حالت بھی کچھ اس طرح کی ہے ہمیں اب مانگنے کا مزہ آنے لگا ہے ہم سے یہ روش اب ترک نہ ہوگی۔

کاش کوئی ہمیں بھی ماوزے تنگ جیسا لیڈر مل جائے جو ہماری سوئی آتما کو جگا دے یا ان جیسے باقی لیڈران مل جائیں تاکہ ہم بھی پستی سے بلندی کی طرف جائیں۔

میری اپنی نوجوان نسل سے اپیل ہے خدارا آپ جاگ جا اور ملک کی باگ دوڑ خود سنبھال لو ورنہ یہ اپنی نسلیں سنوارنے والے یونہی تمہاری نسلوں کی لاشیں گراتے رہیں گے۔ رب کریم سے دعا ہے اے مالک میرے ملک سمیت تمام امت مسلمہ پر رحم فرما اور ہمارے حالات ٹھیک کر دے بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

SPORTS سپورٹس

ٹی 20 وکٹوں کی ڈبل سنچری، شاہین کم عمر اور تیز ترین پیسر بن گئے

عمر گل بھی 147 میچز میں ٹی 20 وکٹوں کی ڈبل سنچری مکمل کر چکے ہیں



لاہور (سپورٹس نیوز) شاہین شاہ آفریدی ٹی 20 وکٹوں کی ڈبل سنچری مکمل کرنے والے کم عمر اور تیز ترین پیسر بن گئے۔ پیسر شاہین شاہ آفریدی نیوزی لینڈ سے پانچویں اور اپنے 143 ویں میچ میں اس سنگ میل تک پہنچے، اس سے قبل یہ ریکارڈ جنوبی افریقی پیسر کاگیسو رباڈا کے پاس تھا جنہوں نے 146 میچز میں 200 ٹی 20 وکٹیں مکمل کی تھیں۔ 23 سالہ شاہین نے پیر کی شب اپنی پہلی ہی گیند پر ٹام لیتھم کو آؤٹ کر کے وکٹوں کی ڈبل سنچری مکمل کر لی تھی، سب سے تیز رفتاری کے ساتھ 134) میچز (میں یہ کارنامہ انجام دینے والوں میں راشد خان سرفہرست ہیں، البتہ وہ ایک سپنر ہیں، اسی طرح دوسرے نمبر پر موجود سعید اجمل 139) میچز (بھی سلو بالر تھے۔ سابق پاکستانی پیسر عمر گل بھی 147 میچز میں ٹی 20 وکٹوں کی ڈبل سنچری مکمل کر چکے ہیں۔

سڈنی گراؤنڈ کے دروازے ٹنڈولکر اور لارا کے نام منسوب ہوگئے

سڈنی (سپورٹس نیوز) سچن ٹنڈولکر اور برائن لارا کے نام سے سڈنی کرکٹ گراؤنڈ میں دروازوں کے نام منسوب کر دیے گئے۔ سابق بھارتی ماسٹر بیٹسمین سچن ٹنڈولکر اور ویسٹ انڈین اسٹار برائن لارا کے نام سے سڈنی کرکٹ گراؤنڈ میں دروازوں کے نام منسوب کر دیے گئے۔ ان سے قبل گراؤنڈ کے دیگر دروازے ڈوبلڈ بریڈ مین، ایلن ڈیوڈسن اور آرتھر مورس کے نام کیے گئے تھے، یہ دروازے میدان میں جانے کے استعمال ہوتے ہیں۔ گراؤنڈ انتظامیہ نے ٹنڈولکر کی 50 ویں سالگرہ پر اور لارا کے سڈنی میں 277 کی اننگز کھیلنے کے 30 برس مکمل ہونے پر اعزاز سے نوازا ہے۔ سابق بھارتی ماسٹر بیٹسمین سچن ٹنڈولکر اور ویسٹ انڈین اسٹار برائن لارا کے نام سے سڈنی کرکٹ گراؤنڈ میں دروازوں کے نام منسوب کر دیے گئے۔ ان سے قبل گراؤنڈ کے دیگر دروازے ڈوبلڈ بریڈ مین، ایلن ڈیوڈسن اور آرتھر مورس کے نام کیے گئے تھے، یہ دروازے میدان میں جانے کے استعمال ہوتے ہیں۔

کیوی بیٹر کا ٹی 20 انٹرنیشنل کا عالمی ریکارڈ

راولپنڈی (سپورٹس نیوز) نیوزی لینڈ کے مارک چیپمین نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کا عالمی ریکارڈ قائم کر دیا۔ چیپمین 5 یا اس سے کم میچوں کی دو طرفہ سیریز میں سب سے زیادہ رنز بنانے والے کھلاڑی بن گئے۔ کیوی کرکٹر نے پاکستان کے خلاف 5 میچز میں 290 رنز بنائے۔ مارک چیپمین پاکستان کے خلاف 5 میچز میں سے 4 میں ناٹ آؤٹ رہے۔ اس سے قبل سربیا کے لیزل ڈنبر نے بلغاریہ کے خلاف 4 میچز میں 284 رنز بنائے تھے۔ جنوبی افریقا کے کیونٹن ڈی کوک نے ویسٹ انڈیز کے خلاف 5 میچز میں 255 رنز بنائے تھے۔

مجھے "سسر" کہہ کر مخاطب مت کرنا، شاہد کی شاہین آفریدی کو 'تنبیہ'

لالہ (شاہد) میرے رول ماڈل ہیں، وہ میرے ہیرو اور دوست کی طرح ہیں

کراچی (سپورٹس نیوز) پاکستانی آل راؤنڈر شاہد خان آفریدی نے اپنے چھوٹے داماد شاہین آفریدی کو خبردار کیا ہے کہ وہ انھیں عوامی سطح پر "سسر" کہہ کر نہ پکارے۔ ایک نجی ٹی وی انٹرویو میں شاہد آفریدی نے شاہین شاہ آفریدی کے ہمراہ گپ شپ لگاتے ہوئے کہا کہ شاہین کو متنبہ کیا کہ میں دوبارہ تمہارے منہ سے یہ لفظ نہیں سننا چاہتا۔ جواب میں شاہین نے کہا کہ لالہ (شاہد) میرے رول ماڈل ہیں، انھوں نے مجھے متاثر کیا ہے میں ان کی بیٹنگ سے لطف اندوز ہوتا ہوں، جب وہ آؤٹ ہو جاتے تو میں ٹی وی بند کر دیا کرتا تھا، وہ میرے ہیرو اور دوست کی طرح ہیں۔ ایک نجی ٹی وی انٹرویو میں شاہد آفریدی نے شاہین شاہ آفریدی کے ہمراہ گپ شپ لگاتے ہوئے کہا کہ شاہین کو متنبہ کیا کہ میں دوبارہ تمہارے منہ سے یہ لفظ نہیں سننا چاہتا۔ جواب میں شاہین نے کہا کہ لالہ (شاہد) میرے رول ماڈل ہیں، انھوں نے مجھے متاثر کیا ہے میں ان کی بیٹنگ سے لطف اندوز ہوتا ہوں۔

کاؤنٹی چیمپئن شپ؛ محمد عباس کا جادو برقرار، 6 وکٹیں اڑا دیں

اظہر علی بھی بڑی اننگز نہیں کھیل پائے، ظفر گوہر کے اولین کوشش میں 22 رنز

کراچی (سپورٹس نیوز) انگلش کاؤنٹی چیمپئن شپ میں ہیمپشائر نے نارتھمپٹن کو اننگز اور 270 رنز سے شکست دے دی جب کہ پاکستانی پیسر محمد عباس نے میچ میں 6 شکار کیے۔ انگلش کاؤنٹی چیمپئن شپ میں ہیمپشائر نے نارتھمپٹن کو اننگز اور 270 رنز سے شکست دے دی، فاتح الیون نے اولین اننگز میں 8 وکٹ پر 482 کا مجموعہ ترتیب دیا، حریف ٹیم پہلی باری میں 149 رنز پر ڈھیر ہو کر فالو آن کا شکار بنی، جس میں پاکستانی پیسر محمد عباس نے 33 رنز دیکر 2 وکٹیں نام کیں، ناکام سائیڈ دوسری باری میں 63 رنز پر ہمت ہار گئی۔ محمد عباس نے 31 رنز کے عوض 4 شکار کیے، سسیکس اور یارکشائر کا مقابلہ ہار جیت کے بغیر ختم ہوگیا، سسیکس نے پہلی باری میں 361 اور دوسری باری میں 137 رنز بنائے، یارکشائر نے 298 اور دوسری کاوش میں 3 وکٹ پر 138 رنز

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 27 اپریل 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس اڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 27 اپریل 2023، صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل، ویسٹریج، راجہ آباد، گولڑہ، پی ایچ ڈی ونی، جھنگی، اظہر آباد، شمس کالونی، قائداعظم انٹرنیشنل، زرکون ہائٹس، ایم ایف ایم، ڈھوک چوہدریاں، این آر سی، چرنگ کراس، ای ایم ای کمپلکس، نسٹ روڈ، موہن پورہ فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، چہان، چونترہ، راجڑ، چکری، ایس پی ڈی، ایس پی ایف، کہوٹہ سٹی۔II، حنیف شہید، پارک ویو، آر پی آئی ایس ای، جیل پارک، کار چوک، محبوب شہید فیڈرز، اٹک سرکل، شکروردہ، کامرہ رودل، مانسر، گوندل، حاجی شاہ، حمید فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

اطلاع عام

گاڑی نمبر JY500 مرسڈیز، سوزوکی نمبر TZ 557، سوزوکی جیپ نمبر IDD4414، ٹویوٹا پریمیو نمبر SD637، یونین سٹار موٹر سائیکل نمبر RIQ8756، ہیرو موٹر سائیکل نمبر ASQ982، ہیرو موٹر سائیکل نمبر RIQ 7837، موٹر سائیکل Honda 125 نمبر RIO 1543 کے اور بیجنل کاغذات مورخہ 08-04-2023 کو یوسف فارم ہاؤس 22 میل مانگا میں اصغر حسین اور اسکے مسلح ساتھیوں کی کی جانے والی ڈکیتی کے دوران اُٹھا لیے گئے ہیں ان کاغذات کی بنیاد پر مذکورہ گاڑیوں کو خریدنے والا اپنے نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔ المشتہر حافظ محمد اسلام رابطہ نمبر 0320-0578477 0321-8154444

بقیہ 1

کی، جنرل عاصم منیر دونوں افواج کے درمیان دیرینہ تعلقات کو بڑھانے کے لیے چین میں فوجی رہنماں سے مزید ملاقاتیں کریں گے، یہ ملاقاتیں آرمی چیف کے چین کے چار روزہ دورے کا حصہ ہیں۔

بقیہ 2

کمشنر کے خلاف دائر درخواست میں وفاق، شہباز شریف، سکندر سلطان راجا، صدر عارف علوی اور مولانا فضل الرحمٰن کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف الیکشن فنڈز اجراء کا بل مسترد ہونے سے قومی اسمبلی کا اعتماد کھو بیٹھے ہیں، سکندر سلطان راجا کا الیکشن کے لیے فنڈز اور سکیورٹی کا تقاضا غیر مناسب ہے۔ سپریم کورٹ سے استدعا کی گئی ہے کہ قرار دیا جائے کہ شہباز شریف اور چیف الیکشن کمشنر انتخابات کے معاملے پر پارٹی بن چکے ہیں، سپریم کورٹ نگران وزیراعظم اور نگران چیف الیکشن کمشنر کی تعیناتی کا حکم دے، عدالت 21 ارب جاری کرنے، فوج اور رینجرز کے بغیر الیکشن کرانے کا بھی حکم دے۔

بقیہ 3

میں وفاقی وزیر اطلاعات نے سوال کیا کہ کیا 2018ء میں حکومت باجوہ نے بنائی تھی؟، عالمی سازش باجوہ نے کی؟ توشہ خانہ سے گھڑیاں باجوہ کے کہنے پہ چوری کیں؟، عدت میں شادی باجوہ کے کہنے پہ کی؟ ملک ریاض سے ہیرے، زمینیں چکی نے باجوہ کے کہنے پہ رشوت میں لیں؟ سی پیک باجوہ کے کہنے پہ روکا، معیشت تباہ، آئی ایم ایف معاہدے کی خلاف ورزی باجوہ کے کہنے پر کی؟ انہوں نے کہا کہ کیا میر جعفر کو ایسٹیبلشمنٹ اور دوسری ایسٹیبلشمنٹ کی آفر باجوہ کے کہنے پہ دی؟ بزدار اور پرویز الٰہی کو وزیر اعلیٰ باجوہ کے کہنے پہ لگایا؟ پنجاب اور خیبر پختونخوا کی اسمبلیاں باجوہ کے کہنے پہ توڑیں؟ انہوں نے کہا کہ کیا عمران خان صرف اپنی مرضی سے 55 روپے میں بنی گالہ سے وزیراعظم ہاؤس بیلی کاپٹر کی سیر کرتے تھے؟۔

بقیہ 4

۔رجسٹرار سپریم کورٹ نے مقدمات ڈی لسٹ ہونیکا نوٹیفکیشن جاری کردیا تاہم نوٹیفکیشن میں بینچ ڈی لسٹ کرنیکی وجوہات نہیں بتائی گئی ہیں۔ بینچ کے سامنے بدھ کو 12 مقدمات سماعت کیلئے مقرر کیے گئے تھے، سپریم کورٹ کے بینچ نمبر دو کے مقدمات کی فہرست بھی منسوخ کردی گئی ہے۔ جسٹس سردار طارق مسعود اور جسٹس شاہد وحید پر مشتمل بینچ کی کازلسٹ بھی منسوخ کردی گئی ہے۔ ترجمان سپریم کورٹ کے مطابق چیف جسٹس پاکستان کی عدم دستیابی پر بینچ ون کے مقدمات ڈی لسٹ کیے گئے ہیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ چیف جسٹس کا بینچ خرابی صحت کے باعث ڈی لسٹ ہوا، چیف جسٹس بخار، جسم درد اور فلو کا شکار ہیں، چیف جسٹس گزشتہ روز اپنے گاؤں میں تھے اور صحت یاب ہونے پر دوبارہ مقدمات کی سماعت کریں گے

بقیہ 5

۔ذرائع کے مطابق اتحادی جماعتوں کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ الیکشن ایک ساتھ ہونے ہیں یا علیحدہ علیحدہ اور کب ہونے ہیں فیصلہ پارلیمنٹ کرے گی۔ اتحادی جماعتوں نے فیصلہ کیا کہ تحریک انصاف کے ساتھ مذاکرات کرنے کی کوشش کریں گے لیکن کسی کی ضد، انا اور خواہشات کے مطابق فیصلے نہیں ہوسکتے جبکہ پی ٹی آئی سے مذاکرات کے لیے پارلیمنٹری کمیٹی کا فورم استعمال کیا جائے گا۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ پنجاب میں الیکشن کے لیے فنڈز کے اجرا کے حوالے سے پارلیمنٹ اپنا فیصلہ دے چکی ہے اور پارلیمنٹ کا فیصلہ مقدم ہے، سب کو اس کا احترام کرنا چاہیے۔

بقیہ 6

افراد کو قتل اور ایک نوجوان کو زخمی کردیا گیا جن کو ہسپتال منتقل کرکے پولیس نے مقتولین کی نعشیں پوسٹمارٹم کے بعد ورثاء کے سپرد کردیں اور الگ الگ مقدمات درج کرکے جائے واقعات سے شواہد اکٹھے کرتے ہوئے مصروف تفتیش ہے جبکہ مقتولین کو ان کے آبائی قبرستان میں سپرد کردیا گیا۔ سرگودھا کے موضع صاحبہ بلوچاں میں دیرینہ رنجش پر صابر نے ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کرکے 25 سالہ نوجوان نعیم دلدار کو قتل کردیا اور فرار ہوگے۔ جبکہ موضع سکیسر میں معمولی تلخ کلامی پر قدیر وغیرہ نے فائرنگ کرکے تنزیل حسین کو قتل اور وقار کو شدید زخمی کردیا اور فرار ہوگے پولیس نے مقتولین اور زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا جہاں پوسٹمارٹم کے بعد مقتولین کی نعشیں ورثاء کے سپرد کردی گئیں اور پولیس واقعات کے الگ الگ مقدمات درج کرکے جائے واقعات سے شواہد اکٹھے کرتے ہوئے مصروف تفتیش ہے جبکہ مقتولین کو نماز جنازہ کے بعد آبائی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔

بقیہ 7

کاروبار کے آخری دن ڈالر 283 روپے 46 پیسے پر بند ہوا تھا۔ دوسری جانب پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں پہلے کاروباری دن کاروبار کا مثبت آغاز ہوا ہے، پاکستان اسٹاک ایکسچینج کا 100 انڈیکس 218 پوائنٹس کے اضافے سے 41 ہزار 226 پر آگیا۔ عید کی چھٹیوں سے قبل کاروبار کے آخری دن 100 انڈیکس 41 ہزار 7 پوائنٹس پر بند ہوا تھا

بقیہ 8

مقابلہ کو سڑکوں پر گھسیٹنے کے دعویٰ کرکے ملک کا وزیراعظم بنا ڈالا۔ سراج الحق نے کہا کہ سیاسی جماعتیں ملک کی بہتری کیلئے ایک ہی الیکشن کروانے پر آمادہ ہوں یہ وقت کی ضرورت بھی ہے، موجودہ حالات کا ایمرجنسی نہ ایمرجنسی پلس اور نہ ہی مارشل لاء علاج ہے، پی ڈی ایم کا آج اجلاس ان کی صلاحیت کا امتحان ہے۔ امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے مزید کہا ہے کہ سیاسی جماعتوں کو الیکشن کیلئے راضی کرنا وزیراعظم کی ذمہ داری ہے، کچھ سیاستدان آج بھی مارشل لاء دیکھنا چاہتے ہیں جو مارشل لا میں جمہوریت اور جمہوریت میں مارشل لاء کے حامی ہوتے ہیں۔ سراج الحق نے کہا ہے کہ ملک میں مارشل لا ہو یا برائے نام جمہوریت ہو سیاسی لیڈروں کو کوئی نقصان نہیں ہوتا، ایک دن انتخابات کے حوالے سے سیاسی جماعتیں ایک پیج پر نہ آئیں تو پھر جنرل الیکشن نہیں ہوں گے صرف بلدیاتی الیکشن ہوں گے

بقیہ 9

سماجی شخصیت محمد زاہد صراف عرف چنا صابری محمد تاج اور ابرار حسین عمرے کی سعادت حاصل کرنے کے لیے 25 تاریخ بروز منگل کو سعودی عرب کے سفر کے لیے روانہ ہو گے اہل محلّہ کی جانب سے بڑی تعداد میں لوگوں نے ملاقات کی سفر میں آسانی کے لئے دعا کی اور نیک تمناں کا اظہار کیا اس موقع پر محمد عامر راولپنڈی عبدالصمد راولپنڈی نمائندہ ایک آواز محمد نعمان دوتالہ نے ملاقات کی ہار پہنائے۔

بقیہ 10

مقامی شہری ضمیر حیدر کو جھوٹے گواہان کے ذریعے مقدمہ میں پھنسا دیا تھا۔ ایف آئی آر کے مطابق ساجد محمود نے اپنے سالے کو جھوٹا گواہ بنا کر ضمیر حیدر کو مقدمہ میں پھنسایا۔ جبکہ مقدمہ درج ہونے کے بعد مقامی وائس چیئرمین چوہدری ساجد محمود نے راضی نامہ کی مد میں 5 لاکھ کی رقم ضمیر حیدر سے لی اور راضی نامہ بھی نا کروایا اور بعد ازاں شہری ضمیر حیدر کی جانب سے رقم واپسی کے مطالبے پر پیسے دینے سے انکار کیا اور اسلحہ کی نوک پر دھمکیاں بھی دیں۔ بعد ازاں پولیس کی تفتیش میں شہری ضمیر حیدر بے گناہ قرار جبکہ اس وقت کی FIR کے گواہان بعد میں ملزمان بن کر چالان عدالت ہوئے جس کے بعد شہری ضمیر حیدر نے آر پی او راولپنڈی کو درخواست دیتے ہوئے انصاف کی استدعا کی جس پر آر پی او راولپنڈی سید خرم علی نے فوری نوٹس لیتے ہوئے اس بابت اے ایس پی صدر سرکل کو شہری سے تمام آڈیوز اور ویڈیوز ثبوت کے مطابق انکوائری رپورٹ مرتب کرنے کا حکم دیا شہری کی جانب سے متعلقہ تفتیشی کو آڈیوز اور ویڈیوز ثبوت بھی فراہم کردیئے گئے جس پر تھانہ دھمیال نے دفعہ 420 اور 506 ت پ کے تحت مقدمے کا اندراج کرلیا جبکہ دوسری جانب ملزم نے عبوری ضمانت کروالی۔ حصول انصاف کے لئے ضمیر حیدر کا آئی جی پنجاب سے ملزم کے خلاف سخت کاروائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہنا تھا کہ 302 کے مقدمات میں جھوٹے گواہان کے ذریعے بے گناہ افراد کو ملوث کرنے والے عناصر کے خلاف سخت قوانین واضع کرکے ایسے واقعات کو روکا جائے اور شریف شہریوں کی زندگی کو اجیرن ہونے سے بچایا جائے۔

بقیہ 11

ناقابل تلافی نقصان کو برداشت کرنے کا حوصلہ اور ہمت عطا فرمائے۔ سپیکر اور ڈپٹی سپیکر نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لئے بھی دعا اور متعلقہ احکام کو زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کی بھی ہدایت کی

بقیہ 12

پڑے گا۔ مولانا فضل الرحمٰن نے اجلاس میں عمران خان سے مذاکرات نہ کرنے سے متعلق اپنا مؤقف دہرایا۔ شرکاء نے رائے دی کہ بامقصد مذاکرات کیلئے سب کا متفق ہونا ضروری ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز سابق وفاقی وزیر پرویز خٹک کی رہائش گاہ پر حکومت اور اپوزیشن رہنماؤں کے درمیان غیر رسمی ملاقات ہوئی تھی۔ چوہدری پرویز الٰہی سے لیگی رہنماؤں کا آمنا سامنا ہوا تو سعد رفیق اور پرویز الٰہی نے مصافحہ کیا جبکہ ایاز صادق بھی سابق وزیراعلیٰ پنجاب کے گلے ملے۔ پرویز الٰہی اور ایاز صادق نے سرگوشیاں کیں اور بحران کے حل کیلئے مختصر تبادلہ خیال کیا۔ حکومتی اور اپوزیشن رہنماؤں نے غیر رسمی گفتگو میں کہا کہ بحران کا حل نکلنا چاہیے۔ سعد رفیق نے اسد قیصر سے گفتگو میں کہا کہ ہمارا تو آپ سے رابطہ ہے، سنا ہے پی ٹی آئی نے نام تبدیل کردیئے۔ چوہدری پرویز الٰہی نے کہا کہ نگران حکومت کی مدت ختم ہوگئی، پنجاب اور کے پی سے متعلق درخواستیں دائر کردی ہیں، تمام جماعتیں سپریم کورٹ کے احترام میں قائم رہیں تا کہ ایک ہی اکٹھے الیکشن ہوسکیں

بقیہ 13

ڈی جی آر ڈی اے کی جانب سے جہاں لینڈ مافیا سمیت دیگر تمام معاملات میں ناہمواریوں اور سرکشیوں کو کنٹرول کرنے کیلئے واضع اور شفاف حکمت عملی اختیار کی گئی ہے وہاں انکی جانب سے اپنے ماتحت ملازمین کی کوتاہیوں کو بھی دور کرنے کیلئے کوششیں کی جاتی رہی ہیں۔ ترجمان آر ڈی اے حافظ عرفان کے مطابق ڈائریکٹر جنرل راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی سیف انور چہ نے اپنے ماتحت عملے کو شہریوں کو ہر ممکن ریلیف دلوانے اور اپنی ڈیوٹیوں کو پوری توجہ سے ادا کرنے کے احکامات جاری کری کرتے ہوئے رکاوٹوں کو دور کرنے اور کام کی رفتار کو بھی تیز کرنے کی واضع ہدایات جاری کر دی ہیں۔ ترجمان کے مطابق ڈی جی کے احکامات پر ٹی تعمیرات سے متعلق قواعد وضوابط کی پابندی سب پر لازم ہے جس میں پیش آنے والی مشکلات کے ازالہ کیلئے بھی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ فیسوں سے متعلق تفصیلات بھی ون ونڈو آپریشن کے باہر لگا دی گئی ہیں تا کہ سائلین کو کسی بھی قسم کی مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ سائلین صرف سرکاری مختص کردہ آر ڈی اے فیس جمع کروائیں اور کسی کو کوئی اضافی رقم ادا نہ کریں اور کسی بھی قسم کی کوئی شکایت یا ابہام ہوں تو ازالہ کے لیے ڈی جی آر ڈی اے آفس سے رابطہ کرسکتے ہیں مذید ڈی جی کی جانب سے یہ بھی احکامات جاری کیے گئے ہیں کہ تجاوزات، غیر قانونی اور غیر مجاز تعمیرات کے خلاف بلا خوف وخطر سخت کارروائی تیز کی جائیں اور ڈی جی آر ڈی اے نے لینڈ یوز اینڈ بلڈنگ کنٹرول ونگ کو ہدایت کی کہ وہ عام لوگوں کو ریلیف فراہم کریں اور رہائشی اور کمرشل عمارتوں کی تعمیر کی منظوری کے عمل کو تیز اور آسان بنائیں۔ آر ڈی اے ترجمان نے کہا کہ ڈی جی آر ڈی اے عوام الناس کو مشورہ دیتے ہیں کہ وہ اپنے مفاد میں کسی ایسی غیر قانونی وغیر مجاز ہاسنگ سکیم میں کوئی سرمایہ کاری نہ کریں جس کی حیثیت کو آر ڈی اے نے غیر قانونی قرار دیا ہے۔

بقیہ 14

کے لیے متعدد بار سابق سی سی پی او اور لاہور غلام محمود ڈوگر سے کیس فائل طلب کی گئی تاہم انہوں نے فائل جے آئی ٹی کے حوالے نہیں کی۔ سابق سی سی پی او لاہور کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی رہنما یاسمین راشد نے عدالت میں رٹ داخل کی ہے۔ جب ہائی کورٹ فیصلہ کرے گا تو فائل جے آئی ٹی کے حوالے کروں گا۔ جے آئی ٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ کیس فائل نہ ملنے سے تفتیش شروع نہیں ہوسکی ہے۔ موجودہ جے آئی ٹی میں ڈی آئی جی کامران عادل، احسان اللہ چوہان اور ایس پی نصیب اللہ شامل ہیں۔ پی ٹی آئی دور میں بننے والی جے آئی ٹی کے ارکان غلام محمود ڈوگر کی تفتیش سے اختلاف کر چکے ہیں۔ غلام محمود ڈوگر 3 روز قبل ریٹائر ہو چکے ہیں تاہم کیس فائل جے آئی ٹی کو نہیں دی ہے۔ قانونی طور پر سرکاری ملازم ریٹائرمنٹ کے بعد سرکاری فائل یا اہم دستاویز اپنے پاس نہیں رکھ سکتا۔ اہم دستاویز واپس نہ کرنے پر ریاست کی جانب سے مقدمہ درج کرایا جاسکتا ہے

بقیہ 15

ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ابھی روس سے صرف ٹیسٹنگ کے لیے کارگو آئے گا، روسی خام تیل درآمد سے متعلق پی ایس او بہتر بتا سکتا ہے۔ ذرائع وزارت توانائی نے یہ بھی بتایا کہ روس سے خام تیل خریداری کا معاہدہ پی ایس او کے ساتھ ہے

بقیہ 16

محمود ڈوگر سے فائل مانگی۔ ذرائع کے مطابق غلام محمود ڈوگر 3 روز پہلے ریٹائرڈ ہوئے لیکن کیس کی فائل نہیں دی، فائل نہ ملنے کی وجہ سے تفتیش اب تک شروع نہیں ہو سکی۔ غلام محمود ڈوگر نے جواب دیا کہ کیس کی فائل نہیں دے سکتا کیونکہ پی ٹی آئی رہنما یاسمین راشد نے نئی جے آئی ٹی کیخلاف عدالت میں درخواست دائر کر رکھی ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ دنوں عمران خان پر حملہ کیس کے مدعی ایس ایچ او عامر بھدر دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے تھے۔ طبیعت خراب ہونے پر عامر بھدر کو ہسپتال لے جایا گیا جہاں وہ جانبر نہیں ہو سکے تھے، ڈاکٹرز نے انتقال کی وجہ ہارٹ اٹیک بتائی تھی، عامر بھدر ان دنوں ایس ایچ او صدر وزیر آباد تعینات تھے۔ عامر بھدر تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے وقت ایس ایچ او سٹی تعینات تھے، عامر بھدر کیس کی تفتیش میں اہم کردار تھے اور لانگ مارچ حملہ کیس کے مدعی بھی تھے۔ یہ بھی خیال رہے کہ عمران خان قاتلانہ حملہ کیس میں گرفتار ملزم ضمانت پر رہا ہو چکا ہے، رہا ہونے والا ملزم ن لیگ کے رہنما کا بھائی ہے۔ گوجرانوالہ کی انسدادِ دہشت گردی عدالت نے چیئرمین تحریک انصاف اور سابق وزیراعظم عمران خان پر قاتلانہ حملے کے کیس کے ملزم احسن نذیر کی ضمانت منظور کی تھی، عدالت نے ملزمان احسن نذیر اور وقاص کی اور درخواستِ ضمانت پر محفوظ سنایا تھا جس میں انسداد دہشتگردی عدات نے ملزم احسن نذیر کی 5 لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض ضمانت منظور کی تھی

بقیہ 17

کے وفد نے حکومتی ارکان خواجہ آصف، خواجہ سعد رفیق اور احسن اقبال کو حالیہ مردم شماری پر تفصیل سے اپنے تحفظات سے آگاہ کیا۔ وفد کا کہنا تھا کہ کراچی کی آبادی کو معمول سے کم دکھایا گیا ہے۔ حکومتی وفد نے ایم کیو ایم پاکستان کو تحفظات ختم کرنے کی یقین دہانی کرواد

بقیہ 18

کی جانب سے دائر کی گئی ہے۔ درخواست میں صدر مملکت، وفاقی حکومت، گورنر غلام علی اور الیکشن کمیشن کو فریق بنایا گیا۔ درخواست میں کہا گیا کہ گورنر نے اسمبلی تحلیل کے 90 روز گزرنے کے باوجود الیکشن تاریخ نہیں دی، آئین کے مطابق گورنر نگران حکومت کے قیام کے بعد الیکشن کی تاریخ دینے کا پابند ہے۔ عدالت الیکشن کمیشن کو خیبر پختونخوا اسمبلی کے انتخابات کی تاریخ دینے کا حکم دے، نگران حکومت کی 90 روز کی مدت ختم ہوگئی وزراء دفتر خالی کریں۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ گورنر خیبر پختونخوا نے حلف کی پاسداری نہیں کی لہذا عہدے سے ہٹایا جائے۔ یاد رہے کہ کچھ روز قبل صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے بھی دو صوبوں میں نگران حکومتوں کے 90 دن سے زائد عرصے سے قیام کی قانونی حیثیت پر اظہار تشویش کیا تھا، صدر عارف علوی کی جانب سے وزیراعظم شہباز شریف کو خط ارسال کیا گیا جس کے ساتھ انہوں نے چوہدری فواد احمد کا خط بھی بھیجا، خط میں صدر مملکت نے وزیراعظم سے ملک میں آئین کی بالادستی اور جمہوریت کا استحکام یقینی بنانے کیلئے سابق وفاقی وزیر کی جانب سے اٹھائے گئے مسائل پر غور کرنے کا کہا، چوہدری فواد احمد نے صدر کے نام اپنے خط میں ملک کے دو صوبوں میں عبوری سیٹ اپ کی قانونی حیثیت کے حوالے سے مسائل کی نشاندہی کی تھی۔ صدر عارف علوی کے خط میں کہا گیا کہ نگران حکومتیں آئین کے آرٹیکل 224 کے مطابق الیکشن کمیشن کو آئین اور قانون کے مطابق آزادانہ، منصفانہ اور دیانتدارانہ انداز میں انتخابات کے انعقاد میں سہولت فراہم کرنے کے لیے متعارف کرائی گئیں۔

بقیہ 19

اور جہلم مورخہ 27 اپریل 2023 بروز جمعرات صبح 09:30 بجے تا دن 11:30 بجے تک متعلقہ سرکلو کے صارفین کی تجاویز اور شکایات سنیں گے۔ صارفین شکایات کے فوری ازالے کے لئے اسلام آباد سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Islamabad E-Kachery ٹیلیفون نمبر 051-9260194، راولپنڈی سٹی سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Rawalpindi-City E-Kachery ٹیلیفون نمبر 051-9292675، راولپنڈی کینٹ سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Rawalpindi-Cantt E-Kachery ٹیلیفون نمبر 051-9293048--، اٹک سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Attock E-Kachery ٹیلیفون نمبر 051-4950343، چکوال سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Chakwal E-Kachery ٹیلیفون نمبر 0543-668500، جہلم سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Jhelum E-Kachery ٹیلیفون نمبر 0544-9270377 پر دیے گئے اوقات کے دوران رابطہ کرسکتے ہیں۔ معزز صارفین سے درخواست ہے کہ رابطے کے دوران اپنا مکمل نام، رابطہ نمبر اور بجلی بل کا حوالہ نمبر ضرور بتائیں تا کے درج شدہ شکایت بروقت متعلقہ وفاتر کو بھجوائی جاسکے

بقیہ 20

عدالتوں پر لوگوں کا اعتماد بڑھے گا۔ اعظم سواتی کا کہنا ہے کہ فیصلہ خوش آئند، شکار پور کے لوگوں کو مبارک بات پیش کرتا ہوں۔ اس موقع پر سابق وفاقی وزیر علی زیدی نے کہا کہ ہم قانون کی بالادستی کے لیے کھڑے ہیں، ہماری جنگ بھی وہی ہے۔ علی زیدی نے کہا کہ حکومت نے الٹے سیدھے کیسز بنائے، یہ تو خود ہی پی ڈی ایم پوری سازش ہے۔ واضح رہے کہ سول کورٹ خانپور کے جج نے وکلاء کے دلائل سننے کے بعد علی امین گنڈا پور کے خلاف درج مقدمہ خارج کر دیا۔ پی ٹی آئی رہنما کو 6 روزہ ریمانڈ ختم ہونے پر عدالت میں پیش کیا گیا۔ سول کورٹ کے جج نے علی امین گنڈا پور کو رہا کرنے کا حکم دے دیا

بقیہ 21

گیا جبکہ دوسرے ملزم کی تلاش جاری ہے۔ ملزمان نے مزدوری کی رقم کے مطالبہ پر فائرنگ کر کے 20 اپریل 2023 کو محمد یونس نامی شخص کو قتل کر دیا تھا

بقیہ 22

جانب سے ضلع کی سکیورٹی مزید سخت کردی گئی ہے۔ انٹری پوائنٹ زید کھاڑ پر آج تھانہ کیملا پولیس کی جانب سے ایس ایچ او نصیر الدین بابر کی نگرانی میں سخت ناکہ بندی کی گئی۔ مشکوک گاڑیوں اور اشخاص کو چیک کر کے حسب ضابطہ کاروائی عمل میں لائی گئی۔ دوران ناکہ بندی پولیس نے 9 ایم ایم پستول اور 27 گولیاں برآمد کر کے ملزم کے خلاف تھانہ کیملا میں غیر قانونی اسلحہ ایکٹ کے تحت مقدمہ درج رجسٹر کرلیا گیا ہے

بقیہ 23

۔ذرائع کے مطابق پیجانہ کے نواحی گاؤں 624 گ ب ہری پور کے رہائشی غریب بھٹہ مزدور محمد خورشید کا 14 سالہ بیٹا محمد بلال گھر کے باہر آیا تو گاؤں ہی کا اوباش نوجوان آصف اسے زبردستی قریبی حویلی میں لے گیا اور اسے زبردستی اپنی جنسی ہوس کا نشانہ بنانے کی کوشش کرنے لگا۔ بچے کے انکار پر بااثر ملزم نے اسے وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد اس سے زبردستی بدفعلی کی اور اہل دیہہ کے آنے پر اسے برہنہ چھوڑ کر فرار ہوگیا۔ پولیس تھانہ پیجانہ نے بچے کے والد محمد خورشید کی درخواست پر مقدمہ تو درج کرلیا ہے مگر پندرہ روز گزرنے کے بعد بھی ملزم کو گرفتار نہیں کیا جا سکا جب کہ مدعی کا کہنا ہے کے بااثر ملزم اور اس کے لواحقین اس کو مقدمہ سے دستبردار کرانے کے لیے اس پر مسلسل دباؤ ڈال رہے ہیں اور اسے سنگین نتائج کی دھمکیاں بھی دی جارہی ہیں۔ غریب بھٹہ مزدور محمد خورشید نے ایس پی ڈویژن بلال محمود سلہری سے درخواست کی ہے کہ ملزم کو فوری گرفتار کر کے انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں

بقیہ 24

کو ہدایت کی کہ نیلور ہائٹس 1۔ پروجیکٹ کی بیلنگ 16 مئی 2023 کی بجائے 8 مئی 2023 سے پہلے مکمل کرائی جائے۔ یہ ہدایت انہوں نے بدھ کو اپنی زیر صدارت فنانس ڈویژن میں سی ڈی اے کے سمندر پار پاکستانیوں کے منصوبوں کے بارے میں اجلاس میں دیں۔ اجلاس میں وزیراعظم کے خصوصی مشیر برائے خزانہ طارق باجوہ، وزیراعظم کے خصوصی مشیر برائے ریونیو طارق پاشا، سیکرٹری خزانہ، چیئرمین سی ڈی اے، ممبر (پلاننگ اینڈ ڈیزائن) سی ڈی اے، اور فنانس ڈویژن اور سی ڈی اے کے سینئر افسران شریک ہوئے۔ اجلاس میں سی ڈی اے کی جانب سے بالخصوص سمندر پار پاکستانیوں کے لیے کیے گئے ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں واضح کیا گیا کہ سی ڈی اے نے سمندر پار پاکستانیوں کے لیے قلیل مدتی اور درمیانی مدت کے رہائشی منصوبے شروع کیے ہیں۔ بتایا گیا کہ ان میں سے ایک ہاؤسنگ پراجیکٹ نیلور ہائٹس۔ ون تکمیل کے مراحل میں ہے اور 2000 فلیٹس کے لیے 81 ممالک سے 6000 سے زائد درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ وزیرخزانہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ملک کی معاشی اور مالیاتی ترقی میں سمندر پار پاکستانیوں کی اہمیت پر زور دیا اور سی ڈی اے حکام کو ہدایت کی کہ سمندر پار پاکستانیوں کے لیے ترقیاتی منصوبوں کو تیزی سے آگے بڑھایا جائے۔ انہوں نے سی ڈی اے حکام کو مزید ہدایت کی کہ نیلور ہائٹس 1۔ پروجیکٹ جو کہ خصوصی طور پر سمندر پار پاکستانیوں کے لیے تیار کیا گیا ہے، کی بیلنگ 16 مئی 2023 کی بجائے 8 مئی 2023 سے پہلے مکمل کرائی جائے۔ اجلاس میں سمندر پار پاکستانیوں کے لیے کھلی نیلامی کی بنیاد پر کمرشل اور رہائشی پلاٹوں کی فراہمی کے بارے میں بریفنگ دی گئی اور آگاہ کیا گیا کہ اگلے مرحلے میں سمندر پار پاکستانیوں کے لیے C-14 اور C-16 سیکٹرز میں پلاٹوں کی رجسٹریشن شروع ہو جائے گی اور سی ڈی اے میں سمندر پار پاکستانیوں کی سہولت کے لیے خصوصی سہولت ڈیسک قائم کردیئے گئے ہیں۔ وزیرخزانہ نے ہدایت کی کہ کمرشل پلاٹوں کی نیلامی کے لیے امریکی ڈالر میں رقم ادا کرنے والے سرمایہ کاروں کو مراعات دی جائیں تا کہ زرمبادلہ کے ذخائر کو مزید تقویت دی جاسکے۔ وزیرخزانہ نے سی ڈی اے حکام کو مزید ہدایت کی کہ فروخت اور خریداری کے عمل کے دوران سرمایہ کاروں کے لیے عوام دوست اور شفاف نظام کو برقرار رکھا جائے اور اس مقصد کے لیے تیار کیے گئے ڈیجیٹل پلیٹ فارم کا استعمال کرتے ہوئے سی ڈی اے حکام اور بیرون ملک مقیم سرمایہ کاروں کے درمیان بالمشافہ رابطے کو کم سے کم کیا جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ کہ جڑی اور اوور سیز انکلیو کے منصوبوں پر کام تیز کیا جائے اور سمندر پار پاکستانیوں کے لیے مئی 2023 کے وسط تک C-14 اور C-16 سیکٹرز میں پلاٹوں کی نیلامی کی سکیم تیار ہوجائے

بقیہ 25

قریب اور بندرگاہی شہر کے مختلف علاقوں میں گداگروں کی تعداد میں واضح اضافہ ہوا ہے۔ ایک ڈیری شاپ کے باہر گداگری کے لیے بیٹھی فرحین نے بتایا میرے شوہر کے پاس نوکری نہیں ہے، اس لیے مجھے مدد مانگ کر اپنی بیٹیوں کا پیٹ پالنا پڑتا ہے۔ 55 سالہ مدھو نے بتایا کہ ہم کراچی میں آٹھ مہینے بھیک مانگنے میں گزارتے ہیں، جس کے بعد ہم اپنے گاؤں میں اپنے خاندانوں کے پاس واپس آتے ہیں اور باقی چار مہینے جمع شدہ رقم سے گزارہ کرتے ہیں۔ ایک مذہبی فلاحی کارکن آصف شوکت کا کہنا ہے کہ بھیک مانگنا تقریباً ایک خاندانی سرگرمی بن گیا ہے۔ بازاروں، پارکوں، ہوٹلوں اور شادی ہالوں کے قریب بھکاری گروہوں اور بچوں کو مانگتے دیکھ سکتے ہیں۔ اس حوالے سے وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر وقار مہدی کا کہنا ہے پولیس اور مقامی حکام کی جانب سے گداگر گروہوں کیخلاف باقاعدگی سے کریک ڈاؤن جاری ہے۔ تاہم خراب معاشی صورتحال کی وجہ سے اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ 26

محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈاکٹر یونس، ڈاکٹر عاصم الطاف، ڈین انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ ڈاکٹر زرفشاں طاہر، کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر اعجاز حسین، رجسٹرار یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر جنید رشید، ڈاکٹر یداللہ، محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کے ڈپٹی سیکرٹریز ڈاکٹر بختیار اور ڈاکٹر عبدالرحمان، بریگیڈیئر وحید، لاہور ایئرپورٹ کے نمائندہ ڈاکٹر سکندر و دیگر حکام نے وڈیو لنک کانفرنس کے ذریعے شرکت کی۔ نگران صوبائی وزراء صحت ڈاکٹر جاوید اکرم اور ڈاکٹر جمال ناصر

حکومت ایک تاریخ پر نہیں اپنی مرضی کی تاریخ پر الیکشن چاہتی ہے، پرویز الٰہی

پاکستانی معیشت اور سیاست بچانے کے لیے دلیرانہ فیصلے کرنا ہوں گے، پی ٹی رہنماء، سابق وزیر اعلیٰ

پیپلز پارٹی پنجاب میں موجود ہی نہیں، پنجاب میں الیکشن پر آصف زرداری یا بلاول کی حمایت یا مخالفت سے فرق نہیں پڑتا

لاہور (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے مرکزی صدر چوہدری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ حکومت ایک تاریخ پر نہیں، اپنی مرضی کی تاریخ پر الیکشن چاہتی ہے۔ لاہور میں پرویز الٰہی سے مختلف سیاسی شخصیات نے ملاقات کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پرویز الٰہی نے کہا کہ پاکستانی معیشت اور سیاست بچانے کے لیے دلیرانہ فیصلے کرنا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ اور معزز ججوں پر الزم تراشی ن لیگ کا وتیرہ ہے، شہباز شریف الیکشن سے فرار کی تلاش میں ہیں۔ چوہدری پرویز الٰہی کا کہنا ہے کہ پی ڈی ایم جماعتوں کی اکثریت بھی الیکشن کے حق میں ہے، الیکشن کے سوا خوشحالی کا اور کوئی رستہ نہیں۔ پی ٹی آئی کے صدر نے کہا کہ مذاکرات پر حکومت کی بدنیتی اور غیر سنجیدگی مکمل طور پر آشکار ہو چکی، مذاکرات کے بجائے حکومت (بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد: عمران خان توہین عدالت کے مرتکب ہوئے، وفاقی پولیس کی رپورٹ ہائیکورٹ میں جمع

پنجاب انتخابات: تحریک انصاف نے متعدد حلقوں کے امیدوار تبدیل کر دیئے

عمران خان کی زیر صدارت ریویو کمیٹی نے اعتراضات کی درخواستوں کا جائزہ لیکر ٹکٹوں میں تبدیلی کا فیصلہ کیا

تحریک انصاف کی طرف سے تبدیل شدہ حلقوں میں نئے امیدواروں اور زیر التوا حلقوں بارے پارٹی امیدواروں کی لسٹ جاری کر دی گئی ہے

لاہور (خصوصی رپورٹر) پنجاب کے انتخابات میں تحریک انصاف نے متعدد حلقوں سے پارٹی ٹکٹ تبدیل کر دیئے جبکہ زیر التوا حلقوں کے ٹکٹ بھی جاری کر دیئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق عمران خان کی زیر صدارت ریویو کمیٹی نے اعتراضات کی درخواستوں کا جائزہ لیکر ٹکٹوں میں تبدیلی کا فیصلہ کیا، تحریک انصاف کی طرف سے تبدیل شدہ حلقوں میں نئے امیدواروں اور زیر التوا حلقوں بارے پارٹی امیدواروں کی لسٹ جاری کر دی گئی ہے۔ لسٹ کے مطابق پی پی 7 سے طارق مرتضیٰ، پی پی 10 سے کرنل اجمل صابر، پی پی 11 سے عارف عباسی، پی پی 73 سے سہیل گجرات پی ٹی آئی کے امیدوار ہوں گے۔ اسی طرح پی پی 79 سے نذیر صوبی، پی پی 50 سے افضل نہیس، پی پی 57 سے علی وکیل خان، پی پی 61 سے رانا نذیر، پی پی 62 سے محمد علی، پی پی 137 سے ابوذر (بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد: اپوزیشن کے ساتھ کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے، خواجہ محمد آصف

گجرات: الیکشن ایک نہیں تمام جماعتوں کی مرضی سے ہوگا: سراج الحق

سیالکوٹ پولیس کا منشیات اور ناجائز اسلحہ کے خلاف آپریشن

ناجائز اسلحہ، پتنگ بازی سمیت دیگر اخلاقی جرائم کے خلاف خصوصی آپریشن شروع کروایا

5193 پتنگیں اور 173 جان لیوا دھاتی ڈوریں بھی پتنگ بازوں سے برآمد کی گئیں

سیالکوٹ (خصوصی رپورٹر) سیالکوٹ پولیس نے منشیات اور ناجائز اسلحہ کے خلاف کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے بھاری مقدار میں منشیات، سینکڑوں پتنگیں، ناجائز اسلحہ برآمد کر کے متعدد ملزمان گرفتار کر لیے ہیں۔ ترجمان سیالکوٹ پولیس کے مطابق ڈی پی او احسن اقبال نے گزشتہ ہفتہ میں منشیات، ناجائز اسلحہ، پتنگ بازی سمیت دیگر اخلاقی جرائم کے خلاف خصوصی آپریشن شروع کروایا جس کے نتیجے میں مختلف منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے ان سے لاکھوں روپے مالیت کی منشیات برآمد کی۔ پولیس (بقیہ نمبر 33)

مہنگی گیس کے بعد میٹر رینٹ میں بھی بے تحاشہ اضافہ

نوٹیفکیشن کے مطابق گیس میٹر کا ماہانہ کرایہ 40 روپے سے بڑھا کر 500 روپے کر دیا گیا

یہ فیصلہ نومبر اور دسمبر میں 0.9 کیوبک ہیکٹر سے کم گیس بل والوں پر لاگو نہیں ہوگا

لاہور (اسپیشل رپورٹر) گیس کی قیمتوں میں اضافے کے بعد اب گیس میٹر کے ماہانہ چارجز میں بھی اضافہ کر دیا گیا ہے۔ سوئی ناردرن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق گیس میٹر کا ماہانہ کرایہ 40 روپے سے بڑھا کر 500 روپے کر دیا گیا ہے اس لیے صارف گیس استعمال نہ بھی کرے تو اسے ہر ماہ 500 روپے کم از کم بل دینا ہوگا، یہ چارجز جنوری 2023 سے لاگو ہوں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق صارفین کو 3 ماہ کے بقایاجات، میٹر رینٹ اور گیس ٹیرف کی مد میں اضافی رقم دینا ہوگی، سوئی ناردرن (بقیہ نمبر 32)

جاوید آفریدی کی سوشل میڈیا پر وائرل پاکستانی بزرگ کو حج کی پیشکش

لاہور (جنرل رپورٹر) پاکستان سپر لیگ کی فرنچائز پشاور زلمی کا مالک جاوید آفریدی نے سوشل میڈیا پر وائرل پاکستانی بزرگ کو حج کی پیشکش کر دی۔ انہوں نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر ٹویٹ کرتے ہوئے کہا کہا کہ اگر بزرگ شخص میری حج کی پیشکش کو قبول کر لیں تو بہت خوشی ہوگی۔۔ مسجد نبوی ﷺ میں موجود بزرگ شخص کی ویڈیو وائرل ہوئی (بقیہ نمبر 36)

جنہوں نے زیادتی کی انہیں معاف کرتا ہوں؛ علی امین گنڈا پور

مولانا صاحب کو بولیں عوام میں آئیں اور ان کے مسائل حل کریں، پی ٹی آئی رہنما

عدالت نے علی امین گنڈا پور کو 26 اپریل تک جوڈیشل ریمانڈ پر سکھر سینٹرل جیل بھیجنے کا حکم دیا تھا

شکار پور (نیوز رپورٹر) پی ٹی آئی رہنما علی امین گنڈا پور کا کہنا ہے کہ جو مخالفین ہیں، جنہوں نے زیادتی کی انہیں معاف کرتا ہوں۔ علی امین گنڈا پور نے شکار پور میں عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اداروں میں آڈیو لیکس کون کر رہا ہے۔ کس سافٹ ویئر پر یہ کام ہو رہا ہے، یہ کام غیر قانونی ہے۔ علی امین گنڈا پور نے کہا کہ مولانا صاحب کو بولیں عوام میں آئیں اور ان کے مسائل حل کریں۔ یہاں واضح رہے کہ سندھ کے ضلع شکار پور کی اسپیشل کورٹ نے گرفتار پی ٹی آئی رہنما علی امین گنڈا پور کے جسمانی ریمانڈ کی درخواست مسترد کر دی تھی۔ اسپیشل کورٹ شکار پور کے جج نے علی امین کے جسمانی ریمانڈ کی درخواست مسترد کی تھی۔ عدالت نے علی امین گنڈا پور کو 26 اپریل تک جوڈیشل ریمانڈ پر سکھر سینٹرل جیل بھیجنے کا حکم دیا تھا۔ جبکہ لاہور کی انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے گرفتار پی ٹی آئی رہنما علی امین گنڈا پور کی دائر درخواست ضمانت پر پولیس سے (آج) 27 اپریل کو رپورٹ طلب کر لی۔ انسداد (بقیہ نمبر 39)

ثاقب نثار سابق چیف جسٹس کا دور سیاسی ترین دور تھا؛ چوہدری عامر اقبال سندھو

رائیونڈ (جنرل رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنماء چوہدری عامر اقبال سندھو نے کہا کہ ثاقب نثار سابق چیف جسٹس کا دور سیاسی ترین دور تھا، 2017 میں پھلتے پھولتے پاکستان کو جن قوتوں نے بریک لگائی اور نواز شریف کو سزا دلوائی آج وہ خود سزا بھگت رہے ہیں 2023ء کا الیکشن نواز شریف کے بغیر ہونا دوبارہ نواز شریف کے (بقیہ نمبر 40)

محکمہ موسمیات نے ملک بھر میں شدید طوفانی بارشوں کی پیشگوئی کر دی

بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں تیز ہواؤں کے سبب گوادر، پسنی اور ماڑہ کے سمندر میں طغیانی کا خدشہ ہے

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) محکمہ موسمیات نے ایک بار پھر ملک بھر میں بارشوں کی پیشگوئی کر دی۔ محکمہ موسمیات کیمطابق جمعرات یا جمعہ سے بارشوں کا طاقتور اور طویل سسٹم ملک پر اثر انداز ہونے کا امکان ہے، 28 اپریل سے 7 مئی تک کراچی سے کشمیر تک کہیں ہلکی اور کہیں تیز بارش ہو سکتی ہے۔ پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا کے 90 فیصد علاقوں میں کہیں ہلکی اور کہیں موسلا دھار بارش اور ژالہ باری ہوگی جبکہ ارجن فلڈ لنگ کا بھی خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ محکمہ موسمیات نے آج کوئٹہ سمیت بلوچستان (بقیہ نمبر 41)

پاکستان کو روسی تیل پر کتنے فیصد ڈسکاونٹ ملے گا؟

پاکستان روس کو چینی یوآن میں ادائیگیاں کرے گا، ذرائع

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان کو روس 18 ڈالر فی بیرل تک ڈسکاؤنٹ پر تیل فراہم کر رہا ہے جب کہ ادائیگیاں چینی کرنسی یوآن میں کی جائے گی۔ پاکستان نے ٹیسٹ کیس کے طور پر روس سے کروڈ آئل کی امپورٹ کے لیے پہلا آرڈر دے دیا، روس سے ایک لاکھ ٹن کروڈ آئل کی پہلی شپمنٹ مئی کے آخری یا جون کے پہلے ہفتے میں پاکستان پہنچے گی، اس شپمنٹ پر پاکستان کو 18 ڈالر فی بیرل تک ڈسکاؤنٹ حاصل ہوگا۔ واضح رہیکہ پاکستان پیٹرولیم مصنوعات کی خریداری کے لیے پالیسی (بقیہ نمبر 35)

ثاقب نثار کا جرم وطن بیچنے سے کم نہیں، پرویز رشید

آپ جیسے کرداروں کو قانون اپنی گرفت میں لینا چاہیے، سابق وزیر

انہوں نے کہا کہ ان کا دور زحمت جوڈیشل مارشل لاء کے طور پر یاد رکھا جاتا ہے

لاہور (جنرل رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما اور سابق وفاقی وزیر پرویز رشید نے کہا ہے کہ ثاقب نثار اپنے حلف کی غداری کے مرتکب ہوئے ہیں۔ سابق چیف جسٹس (ر) ثاقب نثار کے بیان پر ردعمل میں پرویز رشید نے کہا کہ ثاقب نثار کے جرائم دھرتی ماں کو فروخت کرنے کے جرم سے کم نہیں ہیں، وہ جوڈیشل انجینئرنگ کے حربوں سے آئین اور قانون کو قتل کرنے کے مجرم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کا دور زحمت جوڈیشل مارشل لاء کے طور پر یاد رکھا جاتا ہے جب تعصب، جانبداری اور سازش کی پرورش ہوئی۔ سابق وزیر نے کہا کہ ثاقب نثار اپنے حلف سے غداری کے بھی مرتکب ہوئے، آپ جیسے کرداروں کو قانون اپنی گرفت میں لینا چاہیے۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما اور سابق وفاقی وزیر پرویز رشید نے کہا ہے کہ ثاقب نثار اپنے حلف کی غداری کے مرتکب ہوئے ہیں۔ سابق چیف جسٹس (ر) ثاقب نثار کے بیان پر ردعمل میں پرویز رشید نے کہا کہ ثاقب نثار کے جرائم دھرتی ماں کو فروخت (بقیہ نمبر 37)

فیصل آباد، مسلح ڈاکوؤں نے لوٹ مار کے دوران مزاحمت پر فائرنگ کر کے 3 افراد کو زخمی کر دیا

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) فیصل آباد تھانہ منصور آباد کے علاقہ رمضان آباد کے قریب مسلح ڈاکوؤں نے لوٹ مار کے دوران مزاحمت پر فائرنگ کر کے 3 افراد کو زخمی کر دیا۔ مضروبان کو تشویشناک حالت میں سول ہسپتال داخل کروا دیا گیا پولیس ناکہ بندیوں کے باوجود اتھرے ڈاکوؤں کو پکڑنے میں کامیاب نہ ہو سکی، منصور آباد کے رہائشی 45 سالہ اعجاز، 50 سالہ نذیر احمد اور رمضان آباد کار رہائشی ارسلان موٹر سائیکل پر جا رہے تھے کہ جب وہ رمضان بازار مین بازار میں پہنچے تو نامعلوم مسلح (بقیہ نمبر 38)

خیبر پختونخوا میں لینڈ ریکارڈ کمپیوٹرائزیشن پراجیکٹ کے تحت 55 ڈیلیوری سنٹر قائم

پشاور (جنرل رپورٹر) خیبر پختونخوا میں لینڈ ریکارڈ کمپیوٹرائزیشن پراجیکٹ کے تحت 55 ڈیلیوری سنٹر قائم کر دیئے گئے ہیں جس کا مقصد عوام کو خدمات کی فراہمی آسان بنانا ہے تاکہ کرپشن، رشوت، اقربا پروری کا خاتمہ ہو۔ لینڈ ریکارڈ کمپیوٹرائزیشن پراجیکٹ حکام کے مطابق منصوبے کے تحت مردان، بونیر اور کوہاٹ کا 100 فیصد لینڈ ریکارڈ ڈیجیٹلائز ہو چکا ہے جبکہ پشاور میں 76 فیصد، ٹانک 87 فیصد، ہنگو 84

بلگرام میں گاڑی حادثہ، ریسکیو کی ریکوری ٹیم نے گاڑی کھائی سے ریکور کر کے مالک کے حوالہ کر دی

بلگرام (جنرل رپورٹر) بلگرام میں پی ایس او پمپ کے قریب گاڑی موڑ کاٹتے ہوئے کھائی میں جا گری، حادثہ کے نتیجہ میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، کار میں موجود شخص کو معمولی چوٹیں آئی ہیں۔ ریسکیو 1122 بلگرام کے کنٹرول روم کو اطلاع موصول ہوتے ہی ان کی ریکوری ٹیم موقع پر پہنچ گئی۔ گاڑی کے ڈرائیور کو موقع پر ہی مرہم پٹی کر دی گئی جبکہ ریسکیو 1122 بلگرام کی ریکوری ٹیم نے پیشہ وارانہ (بقیہ نمبر 46)

حکومت کے ذمے بینکوں کے قرضے 182 فیصد اضافے سے 30 کھرب کے قریب پہنچ گئے

نجی شعبے کو دیئے جانے والے قرضوں میں 83 فیصد کمی، قرضوں کے حجم میں 993 ارب روپے کی کمی ہوئی

رپورٹ کے مطابق جولائی سے 7 اپریل تک وفاقی حکومت کو 20 کھرب 940 ارب روپے کا قرضہ دیا گیا

اسلام آباد: 2022 میں دہشتگردی کے 376 کیسز رپورٹ ہوئے: انسانی حقوق کمیشن

فیصل آباد (نمائندہ خصوصی) رواں مالی سال کے ابتدائی 9 ماہ کے دوران بینکوں کی جانب سے وفاقی حکومت کو دیئے جانے والے قرضوں میں 182 فیصد اضافہ ہوا جبکہ نجی شعبے کو دیئے جانے والے قرضوں میں 83 فیصد کمی دیکھی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق اعداد و شمار سے پتا چلتا ہے کہ بینکس نجی شعبے کو قرض دینے کے بجائے سرکاری منصوبوں میں سرمایہ کاری کرنے کے خواہشمند ہیں۔ رپورٹ کے مطابق جولائی سے 7 اپریل تک وفاقی حکومت کو 20 کھرب 940 ارب روپے کا قرضہ دیا گیا جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے دوران ایک ہزار 43 ارب روپے تھا جو 182 فیصد کا اضافہ ظاہر کرتا ہے، حکومت کی (بقیہ نمبر 42)

حجاج کرام کے لیے حفاظتی ویکسین لگوانے کی آخری تاریخ مقرر

اسلام آباد/ مکہ مکرمہ (نیوز رپورٹر) سعودی عرب نے حجاج کرام کے لیے حفاظتی ویکسین لگوانے کی آخری تاریخ مقرر کر دی۔ سعودی گزٹ کے مطابق وزارت حج و عمرہ نے کہا ہے کہ عازمین حج (بقیہ نمبر 44)

پشاور، افغان مہاجر نے بھائی کو قتل، بھتیجے کو زخمی کر دیا

پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے

پشاور (کرائم رپورٹر) پشاور کے ملحقہ علاقے تہکال شہید آباد میں مستورات تنازعہ پر افغان باشندے نے بیٹوں کے ساتھ ملکر اپنے بھائی پر اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی جس کے نتیجے میں اپنے بھائی کو قتل اور بھتیجے کو زخمی کر دیا۔ عینی شاہدین کے مطابق ملزم جائے وقوعہ سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ سعد الدین ولد اعظم دین نے کہا کہ ہمارا آپس میں مستورات کا تنازعہ چلا آ رہا تھا۔ (بقیہ نمبر 43)

میجر شبیر شریف شہید نشان حیدر کا 80 واں یوم پیدائش 28 اپریل کو منایا جائے گا

میجر شبیر شریف شہید سابق چیف آف آرمی سٹاف جنرل راحیل شریف کے بڑے بھائی تھے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاک فوج کے ہیرو میجر شبیر شریف شہید نشان حیدر کا 80 واں یوم پیدائش 28 اپریل کو منایا جائے گا اس سلسلے میں مختلف شہروں میں منعقدہ تقریبات میں شہید کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ میجر شبیر شریف شہید 28 اپریل 1943ء کو ضلع گجرات کے علاقہ کنجاہ میں پیدا ہوئے انہوں نے لاہور کے سینٹ انتھونی سکول اور گورنمنٹ کالج جیسے اداروں میں تعلیم حاصل کی بعد ازاں انہوں نے پاکستانی فوجی درس گاہ کاکول اور 19 اپریل 1964ء میں فرنٹیر فورس رجمنٹ میں شمولیت اختیار کی، 3 دسمبر 1971ء کو وہ بطور کمپنی کمانڈر فرنٹیر فورس رجمنٹ ہیڈ (بقیہ نمبر 45)

اسلام آباد: سپریم کورٹ نے پنجاب میں انتخابات کا کیس کل سماعت کیلئے مقرر کر دیا

گلگت بلتستان، ہیلمٹ کے استعمال کے لیے آگاہی مہم کا آغاز

خاص طور پر بچے بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل چلاتے ہیں جس کی وجہ سے حادثات کا شکار ہو کر قیمتی جانیں گنوا بیٹھتے ہیں

گلگت (جنرل رپورٹر) گلگت بلتستان پولیس نے ٹریفک قوانین خصوصاً ہیلمٹ کے استعمال کے لیے آگاہی مہم کا آغاز کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل پولیس گلگت بلتستان دار علی خان خٹک کی ہدایت پر گلگت بلتستان کے تمام اضلاع میں اس مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ انسپکٹر جنرل پولیس گلگت بلتستان نے متعلقہ آفیسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا ہے کہ خاص طور پر بچے بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل چلاتے ہیں جس کی وجہ سے حادثات کا شکار ہو کر قیمتی جانیں گنوا بیٹھتے ہیں۔ ہیلمٹ کے استعمال سے ان حادثات میں جانی نقصان کو کم کیا جا سکتا ہے۔ لہٰذا اس مہم کے دوران ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے اور بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل چلانے کی حوصلہ شکنی کی جائے اور کم عمر بچوں کے موٹر سائیکل چلانے کے کلچر کا خاتمہ کیا جائے۔ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف فوری طور پر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انسپکٹر جنرل پولیس گلگت بلتستان نے مزید کہا کہ ٹریفک قوانین کی پاسداری مہذب معاشرے (بقیہ نمبر 48)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں دمہ کی بیماری سے آگاہی کا عالمی دن 3 مئی کو منایا جائے گا

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) پاکستان سمیت دنیا بھر میں دمہ کی بیماری سے آگاہی کا عالمی دن 3 مئی کو منایا جائے گا اس دن کے حوالے سے فیصل آباد سمیت ملک بھر میں محکمہ صحت اور سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں محکمہ صحت سے وابستہ افراد، ڈاکٹرز اور مقررین دمہ کی علامات اور اس سے بچاؤ کے (بقیہ نمبر 49)

اسلام آباد: عوام کا پیسہ استعمال کرنا پارلیمنٹ کا اختیار ہے سپریم کورٹ کا نہیں: بلاول زرداری

انتظامیہ کی عدم توجہی، پرائس مجسٹریٹس کیٹس غائب، شہر میں جگہ جگہ تجاوزات کی بھرمار

شہری سراپا احتجاج اشیا خورد و نوش کے نرخ آسمان سے باتیں کرنے لگ پڑے انتظامیہ کے ہوتے ہوئے بھی ہم مافیا کے رحم و کرم پر

انتظامیہ ماہ رمضان میں ریٹس کنٹرول نہ کر سکی رمضان کے بعد بھی مافیا کو کھلی چھٹی کمشنر راولپنڈی صورتحال کا نوٹس لیں

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق گوجر خان مسائل کی آماجگاہ بن گیا جگہ جگہ تجاوزات کی بھرمار اور گراں فروشی عروج پر انتظامیہ کی عدم توجہی اور پرائس مجسٹریٹس کی جانب سے مارکیٹس میں چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے کی وجہ سے گوجر خان میں مہنگائی کا جن بے قابو اشیا خورد و نوش، پھل، سبزی سرکاری ریٹ پر بھی میسر نہیں شہری سراپا احتجاج شہریوں اور میڈیا نمائندگان کی جانب سے متعدد بار گراں فروشی پر انتظامیہ کی توجہ مبذول کروانے کے باوجود انتظامیہ گراں فروشی کنٹرول کرنے میں بری طرح ناکام اشیا خورد و نوش کے نرخ آسمان سے باتیں کرنے لگ پڑے سبزی فروش غریب دیہاڑی دار طبقے کی دسترس سے باہر ہو گے ایک عوامی سروے میں شہریوں نے کہا کہ انتظامیہ ماہ رمضان میں ریلیف دلوانے ناکام رہی اب رمضان کے بعد بھی صورتحال بدستور اسی طرح قائم ہے انتظامیہ نے مافیا کو گراں (بقیہ نمبر 47)

بغیر لائسنس کے گاڑی چلانے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے، ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر محمد ذیشان حنیف

اوکاڑہ (جنرل رپورٹر) ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر محمد ذیشان حنیف نے کہا ہے کہ انسانی زندگی انتہائی اہم ہے اور اس کی حفاظت کے لئے سڑکوں پر ہونیوالے حادثات کی شرح کو کم سے کم سطح پر رکھنے کے لئے تمام متعلقہ ادارے باہمی ربط و رابطہ سے (بقیہ نمبر 53)

ادارہ تعلیمات اسلامیہ خیابان سرسید میں ہفتہ وار محفل ذکر و درس قرآن منعقد ہوئی

محفل سے سرپرست اعلیٰ ادارہ تعلیمات اسلامیہ سید ریاض حسین شاہ، دیگر نے خطاب کیا

روحانی محافل کے انعقاد کا سب سے بڑا مقصد اللہ کا ذکر اور اسکی یاد کو اپنے دل میں بسانا ہے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) ادارہ تعلیمات اسلامیہ خیابان سرسید میں ہفتہ وار محفل ذکر و درس قرآن منعقد ہوئی۔ محفل سے سرپرست اعلیٰ ادارہ تعلیمات اسلامیہ سید ریاض حسین (بقیہ نمبر 54)



ادارہ تعلیمات اسلامیہ خیابان سرسید میں ہفتہ وار محفل ذکر و درس قرآن سے سید ریاض حسین شاہ، سید فیصل ریاض حسین شاہ، سید نعمان ریاض حسین شاہ، شیخ محمد قاسم ایوب و دیگر خطاب کر رہے ہیں۔

سٹیڈیم کے اندر اور باہر صفائی یقینی بنانے کیلئے، ورکرز دو شفٹوں میں تعینات

راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے سٹیڈیم کے اندر اور باہر بھرپور صفائی آپریشن کیا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) سی ای او راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی رانا ساجد صفدر نے کہا ہے کہ راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے 27 اپریل سے پنڈی کرکٹ سٹیڈیم (بقیہ نمبر 55)

راولپنڈی: ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ورکرز پاک نیوزی لینڈ کرکٹ میچز کیلئے پنڈی کرکٹ سٹیڈیم کی صفائی کر رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی رہنما شہباز گل کی درخواست واپس لینے کی بنیاد پر نمٹا دی

لاہور (اسپیشل رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے نئے مقدمات کی تفصیلات کی فراہمی اور حفاظتی ضمانت کے لئے تحریک انصاف کے رہنما شہباز گل کی درخواست پنجاب حکومت کی طرف سے جمع کرائی گئی رپورٹ کے بعد واپس لینے کی بنیاد پر نمٹا دی (بقیہ نمبر 56)

فیصل آباد میں تحریک انصاف کی ٹکٹوں کی تقسیم پر احتجاج کے بعد 2 حلقوں کے اُمیدوار تبدیل

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) فیصل آباد میں تحریک انصاف کی ٹکٹوں کی تقسیم پر احتجاج کے بعد 2 حلقوں کے اُمیدوار تبدیل کر دیئے گئے۔ حلقہ پی پی 101 سے ٹکٹ حسان احمد سے لے کر شاہرار راؤ کو دے دیا گیا۔ پی پی 108 سے (بقیہ نمبر 64)

ضلع میں ای رجسٹریشن کا آغاز جہاں سہولت اور آسانی کے ایک نئے باب کا اضافہ ہوگا؛ ڈپٹی کمشنر

اوکاڑہ (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر محمد ذیشان حنیف نے کہا ہے کہ ضلع میں ای رجسٹریشن کا آغاز جہاں سہولت اور آسانی کے ایک نئے باب کا اضافہ ہوگا وہیں پر زمین و جائیداد کی منتقلی کا عمل ایک شفاف انداز میں کم سے کم وقت میں مکمل ہو سکے گا ای رجسٹریشن کا تمام عمل ایک خودکار نظام کے تحت مکمل ہوگا جس میں لوگوں کے لئے آسانی ہوگی تمام عمل کی (بقیہ نمبر 57)

وفاقی و صوبائی حکومت معذور افراد کی فلاح و بہبود میں سرگرم، آفاق احمد

گلستان معذورین نے ضلع بھر میں افراد باہم معذورین میں شعور بیدار کیا ہے

بچیوں کی بڑی تعداد شعور و آگہی نہ ہونے کے سبب گھروں میں بے بسی کی زندگی گذارنے پر مجبور ہیں

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) وفاقی و صوبائی حکومت معذور افراد کی فلاح و بہبود میں سرگرم ادارہ گلستان معذورین کو فوری طور پر پلاٹ مہیا کرے۔ تاکہ ہم افراد باہم معذورین کی فلاح و بہبود کے کام مزید اچھے انداز میں سرانجام دے سکیں۔۔ ان خیالات کا اظہار گلستان معذورین کے سرپرست آفاق احمد خان نے ادارے میں افراد باہم معذورین کے اعزاز میں عید ملن پارٹی کے خطاب کرتے ہوئے کیا۔۔ اس موقع پر ادارے کے صدر قمر الدین۔ سماجی رہنما عرفانہ باجوہ۔ سندھ اولمپک کے عبدالسلیم خان۔ ڈسٹرکٹ اسپورٹس کے (بقیہ نمبر 52)

بغیر لائسنس کے گاڑی چلانے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے، ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر محمد ذیشان حنیف

اوکاڑہ (جنرل رپورٹر) ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر محمد ذیشان حنیف نے کہا ہے کہ انسانی زندگی انتہائی اہم ہے اور اس کی حفاظت کے لئے سڑکوں پر ہونیوالے حادثات کی شرح کو کم سے کم سطح پر رکھنے کے لئے تمام متعلقہ ادارے باہمی ربط و رابطہ سے (بقیہ نمبر 53)

فیصل آباد میں تحریک انصاف کی ٹکٹوں کی تقسیم پر احتجاج کے بعد 2 حلقوں کے اُمیدوار تبدیل

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) فیصل آباد میں تحریک انصاف کی ٹکٹوں کی تقسیم پر احتجاج کے بعد 2 حلقوں کے اُمیدوار تبدیل کر دیئے گئے۔ حلقہ پی پی 101 سے ٹکٹ حسان احمد سے لے کر شاہرار راؤ کو دے دیا گیا۔ پی پی 108 سے (بقیہ نمبر 64)

فیصل آباد میں ہائی ایس اور ٹرک مزدا میں تصادم 7 افراد جان بحق

11 مرد، 03 عورتیں اور 01 بچہ شامل ہے جبکہ جلی ہوئی باڈیز کی شناخت نہ ہو سکی

فیصل آباد (اسپیشل رپورٹر) فیصل آباد میں ہائی ایس اور ٹرک مزدا میں تصادم 7 افراد جان بحق جبکہ 13 افراد شدید زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق عینی شاہدین کے مطابق ہائی ایس جو کہ گوجرہ سے پینسرہ کی طرف جا رہی تھی جبکہ منی ٹرک (مزدا) گوجرہ سے پینسرہ کی طرف آ رہا تھا منی ٹرک (مزدا) ڈرائیور کو نیند آنے کی وجہ سے منی ٹرک (مزدا) ہائی ایس کے ساتھ جا ٹکرایا اور دونوں کو آگ لگ گئی موقع پر پہنچ کر فائر فائٹر نے فائر فائٹنگ کی اور 04 جلی ہوئی باڈیز کو ہائی ایس سے نکالا اور جبکہ 01 جلی ہوئی باڈی کو منی مزدا سے نکالا جبکہ 02 لوگ ہیڈ انجری کی وجہ سے جانجق ہوئے جن کو مقامی لوگوں نے ہمارے جانے سے پہلے باہر نکال لیا گیا یوں ٹوٹل 7 افراد جانجق ہو گئے جبکہ 13 زخمی افراد کو قریبی ہسپتال ٹی ایچ کیو گوجرہ میں شفٹ کیا گیا جس میں 11 مرد، 03 عورتیں اور 01 بچہ شامل ہے جبکہ جلی ہوئی باڈیز کی شناخت نہ ہو سکی۔ ایمبولینسز ڈیڈ باڈیز کو ٹی ایچ کیو گوجرہ میں شفٹ کرنے میں مصروف ہیں جبکہ ریسکیو ویہکل جلی ہوئی (بقیہ نمبر 58)

راولپنڈی: مذاکرات پی ڈی ایم کا جھانسا ہے، الیکشن ہوں گے اور آئین جیتے گا: شیخ رشید

منکی پاکس کے دو کیسز سامنے آنے کے بعد اسپتالوں میں ہائی الرٹ

منکی پاکس کے حوالے سے ضلعی سطح پر ریپڈ رسپانس ٹیم بنائی جائے گی، سیکریٹری صحت

ڈبلیو ایچ او کے 6 خطوں میں 110 ریاستوں میں 87 ہزار 113 کیسز اور 130 اموات رپورٹ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) منکی پاکس کے دو کیسز سامنے آنے کے بعد اسپتالوں میں ہائی الرٹ جاری کر دیا گیا۔ سندھ حکومت نے منکی پاکس اقدامات کے حوالے سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق منکی پاکس کیلئے اسپتالوں میں الگ وارڈز بنائے جائینگے، منکی پاکس کی علامت کے لئے الگ آئسولیشن وارڈ رکھا جائے گا، سیکریٹری صحت کا کہنا ہے کہ منکی پاکس کے حوالے سے ضلعی سطح پر ریپڈ رسپانس ٹیم بنائی جائے گی۔ ادھر منکی پاکس کیسز کے پیش نظر پمز اسپتال میں مریضوں کیلئے آئسولیشن وارڈ قائم کر دیا گیا۔ پمز حکام نے تصدیق کی ہے کہ کورونا ک